آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز منگل 09 دسمبر 2020ء بمطابق 22 ربیع الثانی 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 335

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

تہجد	5:50
ظہر	1:20
عصر	4:10
مغرب	غروب آفتاب (05:45)
عشاء	07:00
اہل تشیع: تہجد صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:00

کرپشن ایک معاشی قتل اور دہشتگردی کی ایک قسم ہے

گورنر بلوچستان

جسکا مکمل خاتمہ کئے بغیر نہ تو کوئی ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی عوام کو انکے حقوق پہنچا سکتے ہیں. لہٰذا 9 دسمبر کا دن ہم سب کیلئے تجدید عہد کا دن ہے.

معاشرے سے کرپشن کے خاتمے اور انصاف کا بول بالا کرنے کیلئے حکومت اور قومی احتساب بیورو کے ساتھ ساتھ عوام نے اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہوگی

معاشرے کو سدھارنے کیلئے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں موجود دیانتدار اور قابل ماہرین اور محققین کے علم و تجربہ سے بھی بھرپور استفادہ کرنا اشد ضروری ہے، امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ٹ ن) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے انسداد بدعنوانی کے عالمی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ بلاشک وشبہ کرپشن ایک معاشی قتل اور دہشت گردی کی ایک قسم ہے جسکا مکمل خاتمہ کئے بغیر نہ تو کوئی ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی عوام کو انکے حقوق پہنچا سکتے ہیں. لہٰذا 9 دسمبر کا دن ہم سب کیلئے تجدید عہد کا دن ہے. اس دن کی مناسبت سے آج ہمیں بدعنوانی کے خلاف تجدید عہد کرنا ہوگا کہ ہمیں اپنی صفوں سے کرپٹ عناصر کو الگ کر کے ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کی پکی بنیادیں استوار کرنا ہوں گی. گورنر یاسین زئی نے کہا کہ معاشرے سے کرپشن کے خاتمے اور انصاف

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ اور نیب کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ہم کو فی سبیل اللہ سفارشی اور رشوت کرنے والی قوم بن چکے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان

نیب نے اوائل میں اچھا کام کیا جس سے لوگ بدعنوانی سے خوفزدہ ہوئے لیکن آج لوگ کرپشن کر کے پلی بارگین یا وکلاء کے ذریعے کیس طویل کر لیتے ہیں محکمہ صحت بلوچستان کا سب سے ابتر محکمہ ہے

ادویات، پالیسی، خریداری، پریکٹس سمیت ہر شعبے میں کرپشن ہے، محکمہ اینٹی کرپشن اور سی ایم آئی ٹی کو آزاد اور خود مختار کئے بغیر بدعنوانی پر قابو پانا ناممکنات میں سے ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان

بدعنوانی کرنے ذہنی طور پر مفلوج ہوجاتے ہیں ہمارے ہاں صرف مالی بدعنوانی کے عنصر پر توجہ مرکوز ہے جبکہ ناانصافی، غلط فیصلے، نااہل افراد کی تقرریاں بھی بدعنوانی کے وہ اہم پہلو ہے جو آگے چل کر مالی بدعنوانی کو جنم دیتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ہم فی سبیل اللہ سفارشی اور رشوت کرنے والی قوم بن چکے ہیں نیب نے اوائل میں اچھا کام کیا جس سے لوگ بدعنوانی سے خوفزدہ ہوئے لیکن آج لوگ کرپشن کر کے پلی بارگین یا وکلاء کے ذریعے کیس طویل کر لیتے ہیں محکمہ صحت بلوچستان کا سب سے ابتر محکمہ ہے ادویات، پالیسی، خریداری، پریکٹس سمیت ہر شعبے میں کرپشن ہے، محکمہ اینٹی کرپشن اور سی ایم آئی ٹی کو آزاد اور خود مختار کئے بغیر بدعنوانی پر قابو پانا ناممکنات میں سے ہے، پی ایس ڈی پی کے ذریعے 70 فیصد تک مالی بدعنوانی ہوتی ہے دو سالوں میں 99 فیصد تک پی ایس ڈی پی میں اثر انداز ہونے کے عنصر کو ختم کیا۔ یہ بات انہوں نے منگل کو سکندر جمالی آڈیٹوریم کوئٹہ میں محکمہ اینٹی کرپشن بلوچستان اور نیب بلوچستان کے اشتراک سے عالمی یوم انسداد بدعنوانی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی سے ریجنل ڈائریکٹر سفیر فروغ امین ملاقات کر رہے ہیں

ہمیں خود احتسابی کے نظام کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے، ظہور بلیدی

صوبے سے بدعنوانی کی بیخ کنی کیلئے عوامی فنڈز کو مفاد عامہ کے کاموں پر شفاف طریقے سے استعمال کیا جارہا ہے، صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی وزیر خزانہ ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت جام کمال خان کی سربراہی میں رشوت ستانی و بدعنوانی کے خلاف صفر برداشت کی پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ صوبے سے بدعنوانی کی بیخ کنی کیلئے عوامی فنڈز کو مفاد عامہ کے کاموں پر شفاف طریقے سے استعمال کیا جارہا

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بی این آر میں کرپشن ماضی کا حصہ بن گئی ہے، میر عارف جان حسنی

گذشتہ ایک ڈیڑھ سال میں محکمے میں کی گئی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر عارف جان حسنی نے کہا ہے کہ بی این آر میں کرپشن ماضی کا حصہ بن گئی ہے اب اس محکمے کا شمار نیک نام محکموں میں ہونے لگا ہے گذشتہ ایک ڈیڑھ سال میں محکمے میں کی گئی اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں انہیرز

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

صادق سنجرانی سے چینی سفیر کی ملاقات

سی پیک علاقائی ترقی کی مشترکہ وژن کا نتیجہ ہے، چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ سی پیک علاقائی ترقی کی مشترکہ وژن کا نتیجہ ہے۔ چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی سے پاکستان میں چین کے سفیر نونگ رونگ نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ کیا گیا۔ چیئرمین سینٹ نے کہا کہ دونوں ملکوں کے دوستانہ تعلقات کھلے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

عوام کو بتایا جائے اپوزیشن کے جلسوں سے کورونا پھیل رہا ہے، وزیر اعظم

جلسے روکیں گے نہیں، اپوزیشن کو عوام کے سامنے ایکسپوز ہونے دیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران نے کابینہ اراکین کو ہدایت کی ہے کہ عوام کو بتایا جائے اپوزیشن کے جلسوں سے کورونا پھیل رہا ہے، جلسے روکیں گے نہیں، اپوزیشن کو عوام کے سامنے ایکسپوز ہونے دیں جبکہ وزیر اعظم عمران خان نے فرانس کے معاملے پر مسلم امہ سے مشاورت کا فیصلہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے صوبائی وزیر نور محمد دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

لاہور کے جلسے حکومت کی جان نکلی ہوئی ہے

کبھی سنا ہے کسی جلسے پر تین تین ہزار ایف آئی آر کٹی ہوں، مریم نواز

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ جس طرح سے لاہور سے باہر نکلے ہیں وہ پوری دنیا نے دیکھا ہے، مہنگائی اور بیروزگاری سے تنگ عوام نجات کے لئے پی ڈی ایم اور نواز شریف کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ اسلام آباد روانگی سے قبل میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لاہور کے جلسے سے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک میں 5 ماہ کے دوران کورونا سے ایک روز میں ریکارڈ 89 اموات

مزید 2885 کیسز رپورٹ، سندھ میں کورونا کے مریضوں کی مجموعی تعداد 186212 ہوگئی ہے

گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا مثبت آنے کی شرح 8.4 فیصد رہی، سرکاری اعداد و شمار جاری کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس سے ایک روز میں ریکارڈ 89 اموات سامنے آگئی، مزید 2885 کیسز رپورٹ ہوئے پاکستان میں کورونا کے اعداد و شمار بتانے والی ویب سائٹ (covid.gov.pk) کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا کے 33610 ٹیسٹ کیے گئے جن 2885 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی جب کہ وائرس سے ریکارڈ 89 ہلاکتیں ہوئیں۔ سرکاری پورٹل کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں کورونا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

مستونگ میں ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق دو زخمی

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں ٹریفک کے دو مختلف حادثات میں تین افراد جاں بحق دو زخمی۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

حب میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی

حب (این این آئی) حب میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی۔ تفصیلات کے مطابق منگل کو حب، یوہوڈ پر ٹریفک حادثے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

موٹر سائیکل کے ایکسیڈنٹ کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار تین افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے

لورالائی (آن لائن) ژوب روڈ سیاب ندی کے قریب ڈائیو اور موٹر سائیکل کے ایکسیڈنٹ کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار تین

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے فیلڈ میں کام کرنے والے افسران کے لئے 31 نئی گاڑیاں خرید لیں

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ سی اینڈ ڈبلیو نے فیلڈ میں کام کرنے والے افسران کے لئے 31 نئی گاڑیاں خرید لیں گاڑیوں میں ڈبل

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

شہباز شریف کی اہلیہ نصرت شہباز بھی اشتہاری قرار

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت نے منی لانڈرنگ کیس میں مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد شہباز شریف کی اہلیہ نصرت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

نظر ثانی کیس، اہلیہ جسٹس عیسیٰ کی چیف جسٹس سے متعلق بات پر عدالت برہم، حد میں رہنے تنبیہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کیس میں نظر ثانی درخواستوں کی سماعت کے دوران

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس (آج) ہوگا، سات نکاتی ایجنڈے پر غور ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس (آج) جدہ کو طلب کر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان نے ملک کے بڑے صنعتی شہروں کو بڑی مراعات دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ملک کے بڑے صنعتی شہروں کو بڑی مراعات دینے کا فیصلہ کر لیا اس حوالے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں سیاحت اور سیاحوں کیلئے بہترین اور قابل دید مقامات موجود ہے، عبدالخالق ہزارہ

ہمارے صوبے کی ساحلی پٹی دنیا کے بہترین ساحلی مقامات سے کسی طرح کم نہیں

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین و صوبائی مشیر سیاحت و ثقافت عبدالخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں سیاحت اور سیاحوں کیلئے بہترین اور قابل دید مقامات موجود ہے ہمارے صوبے کی ساحلی پٹی دنیا کے بہترین ساحلی مقامات سے کسی طرح کم نہیں ضرورت اس

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

دو کیچ علاقوں سے 5 افراد کی لاشیں برآمد، تربت ہسپتال منتقل

تربت سے 45 کلومیٹر دور ھیرونک پل سے 2 افراد کی لاشیں ملی ہیں جنہیں لیویز اہلکاروں نے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیئے ہیں

جنکی شناخت تمپ کی علاقے ملک آباد کے رہائشی مختار ولد نور حسین اور عزیز احمد ولد ماسٹر عبداللہ عرف عبدو کے نام سے ہوئی ہیں

تربت (آن لائن) ضلع کیچ سے دو علاقوں سے 5 افراد کی لاشیں برآمد، لاشیں تربت ہسپتال منتقل کر دی گئیں تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ کے شہر تربت سے 45 کلومیٹر دور ھیرونک پل سے 2 افراد کی لاشیں ملی ہیں جنہیں لیویز اہلکاروں نے ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیئے ہیں جنکی شناخت تمپان ہوشاپ کے رہائشی اسیر بلوش زہاد اور خلیف میران کے نام سے ہوئی ہیں، جبکہ ذرائع کے مطابق دیگر تین لاشیں ضلع کیچ کے شہر تربت سے 120 کلومیٹر دور پہاڑی علاقے عبدوئی تمپ میں ملی ہیں بتایا جاتا ہے کہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت کا کام عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہے

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی

حکومت کا کام عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہے ادارے بنانا مقصد نہیں بلکہ انکو بہتر انداز میں چلانا ہونا چاہیے

ریسکیو 1122 صوبے کا اہم ادارہ ہے اسے مزید فعال کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ جام کمال خان سے بات کرونگا، میر عبدالقدوس بزنجو

کوئٹہ (این این آئی) اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا ہے حکومت کا کام عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہے، ادارے بنانا آسان ہے لیکن اصل مقصد انکی کارکردگی سے عوام کو فائدہ پہنچانا ہے ریسکیو 1122 صوبے کا اہم ادارہ ہے اسے مزید فعال کرنے کے لئے وزیر اعلیٰ جام کمال خان سے بات کرونگا، یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ میں ریسکیو سینٹر 1122 کے دورے کے موقع پر پی پی ایچ آئی کے چیف ایگزیکٹو عزیز جمالی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی، اپوزیشن لیڈر میر عبدالقدوس بزنجو کو پی پی ایچ آئی کے چیف ایگزیکٹو عزیز جمالی نے پی پی ایچ آئی کے بارے میں بریفنگ دی اس موقع پر ریسکیو 1122 کے عملے نے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے عملی مشق کا مظاہرہ بھی کیا اپوزیشن لیڈر میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ 1122 کے عملے نے کورونا وائرس کے دوران جس جانفشانی سے خدمات سرانجام دی ہیں وہ قابل تحسین ہیں ایک انسان کی زندگی بچانا پوری انسانیت کی زندگی بچانے کے مترادف ہے 1122 کے عملے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم رہنما جذباتی ہوگئے ہیں، استعفوں سے جمہوریت کو فائدہ نہیں ہوگا، شاہ محمود قریشی

2018 کے الیکشن نتائج آپ کو قبول نہیں تو 2013 کے نتائج بھی کسی نے تسلیم نہیں کیے تھے

پاکستان کورونا کی وبا سے دوچار ہے، کورونا کی دوسری لہر بہت خطرناک ہے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم رہنما جذباتی ہوگئے ہیں ان کے استعفوں سے جمہوریت کو فائدہ نہیں ہوگا۔ اپنے بیان میں شاہ محمود قریشی نے کہا کہ دھرنے اور جلسوں سے حکومتیں نہیں جاتیں، 1970 کے بعد جتنے بھی الیکشن ہوئے ہارنے والوں نے تسلیم نہیں کیے، 2018 کے الیکشن نتائج آپ کو قبول نہیں تو 2013 کے نتائج بھی کسی نے تسلیم نہیں کیے تھے، پی ڈی ایم رہنما جذباتی ہوگئے ہیں ان کے استعفوں سے جمہوریت کو فائدہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کی قیادت کے فیصلے پر من و عن عمل کریں گے، ملک سکندر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنماء و بلوچستان اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ اسمبلیوں سے استعفوں کا اعلان کارنجر ہے جس میں سب سے پہلے حصہ ڈالونگا، پی ڈی ایم کی قیادت کے فیصلے پر من و عن عمل کریں گے حکومت بکھرنے کی مہمان ہے جلدی اسکا خاتمہ ہونے والا ہے، یہ بات

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

کرپشن معاشی اور اقتصادی شعبوں کو دیمک کی طرح چاٹ جاتی ہے

ترجمان حکومت بلوچستان

کرپشن اور انسداد بدعنوانی کے خاتمے کیلئے خود احتسابی کے ساتھ ساتھ ملکی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ضرورت ہے

جس سے معاشرے میں انصاف کا قتل ہوتا ہے، اور معاشرے مجموعی طور پر عدم توازن کا شکار ہوجاتا ہے، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (ٹ ن) ترجمان حکومت بلوچستان لیاقت شاہوانی نے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ کرپشن معاشرے کے سماجی، معاشی اور اقتصادی شعبوں کو دیمک کے طرح چاٹ جاتی ہے جس سے معاشرے میں انصاف کا قتل ہوتا ہے اور معاشرے مجموعی طور پر عدم توازن کا شکار ہو جاتا ہے۔ کرپشن اور انسداد بدعنوانی کے خاتمے کیلئے خود احتسابی کے ساتھ ساتھ ملکی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ضرورت ہے۔ اگر اس عفریت پر قابو نہ پایا گیا تو ملک میں میرٹ، گڈ گورننس، سیٹیزن شپ اور انصاف کا عمل طور پر خاتمہ ہو جائے گا اور ایک انارکی صورت پیدا ہو جائے گی۔ ترقی یافتہ ممالک کا اگر جائزہ لیا جائے تو ان کا میابی اور ترقی کا سب سے نمایاں عنصر کرپشن نہ ہونا ہے اور ہمارے ملک میں ماضی میں جس طرح کرپشن کی گئی اور ملک کو بے دردی سے نقصان پہنچایا گیا ہے۔ آج عوام اسکے بیانک نتائج بھگت رہے ہیں۔ افسوسناک صورتحال یہ ہے کہ حکومتی سربراہان تک اس میں ملوث رہے ہیں۔ اب

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان سے کمانڈر سدرن کمانڈ کی گورنر ہاؤس کوئٹہ میں الوداعی ملاقات

گورنر یاسین زئی نے لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف کی بلوچستان کیلئے سرانجام دینے والی خدمات کو سراہا

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف نے آج یہاں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں الوداعی ملاقات کی جس میں گورنر یاسین زئی نے لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف کی بلوچستان کیلئے سرانجام دینے والی خدمات کو سراہا۔ الوداعی ملاقات کے موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ کمانڈر سدرن کمانڈ کا منصب نہ صرف ایک بڑی ذمہ داری ہے بلکہ ایک اعزاز بھی ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کرتے ہوئے کہ فوج پاکستان اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے موثر اقدامات اور خدمات سے ملک و صوبے میں نہ صرف پائیدار امن قائم ہوگا بلکہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے اعجاز منگی ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ کے تحصیل کردگاپ میں زمین کے تنازعہ پر دو قبائل مورچہ بند

فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی

مستونگ (این این آئی) مستونگ کے تحصیل کردگاپ میں زمین کے تنازعہ پر دو قبائل مورچہ بند اور فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ایک زخمی۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل کردگاپ کے علاقہ گرگنہ میں زمین کے تنازعہ پر گزشتہ روز دو قبائل سالانی اور سرپرہ کے درمیان تنازعہ میں شدت آنے کے بعد مورچہ بند ہوگئے تھے اور حالات کشیدہ ہوگئے کردگاپ لیویز فورس موقع پر پہنچ گئی تھی۔ تاہم دونوں قبائلی گروہوں میں فائرنگ سے ایک شخص سفر خان سالانی سکنہ کردگاپ جاں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

چیئرمین سی پیک اتھارٹی کی اسد قیصر سے ملاقات، سی پیک پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے سی پیک اتھارٹی کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عاصم سلیم باجوہ نے ملاقات کی جس میں سی پیک کے تحت خیبر پختونخوا میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ منگل کو ملاقات سپیکر ہاؤس اسلام آباد میں ہوئی جس میں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

عدالت کو حکومتی ترجمانوں کے مریم نواز کا ٹھکانہ جیل ہوگا جیسے بیانات کا نوٹس لینا چاہیے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ شہباز شریف 7 بار پارلیمان کے رکن، قائد حزب اختلاف رہے لیکن کبھی سرکار سے ایک دھیلہ تک نہیں لیا، حکومت انہیں حراست میں رکھنے کے باوجود ایک پیسے کی کرپشن ثابت نہیں کرسکی، وزیر اعظم عمران خان کی میز پر عوام کو ریلیف دینے

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

حکومت تمام میرٹ پر سرانجام دینے کیلئے پرعزم ہے، بشریٰ ارندہ

کرپشن کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے صوبائی حکومت بھرپور اقدامات کر رہی ہے تمام محکمے جو بدعنوانی کو ختم کرنے اور اس کی نشاندہی کرنے کے ذمہ دار ہیں

ہم سب آج مل کر انفرادی اور اجتماعی طور پر بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے متحد ہو کر خلوص نیت سے اقدامات کریں گے تو میرٹ کا استحصال نہیں ہوگا، پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات

کوئٹہ (ٹ ن) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات محترمہ بشریٰ رند نے یوم انسداد بدعنوانی کے حوالے سے بیان میں کہا ہے کہ بدعنوانی معاشرے کیلئے ناسور ہے اور ناکسی بھی معاشرے کو اندر سے کھوکھلا کر کے تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا ہے۔ میرٹ کا استعمال ہوتا ہے، اور اور اس کی نشاندہی کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ ان کی اختصاد اور کار کو بڑھایا جارہا ہے، اور بدعنوانی کی ہر سطح پر پانچ کئی کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ حکومت بلوچستان تمام امور میرٹ پر سرانجام دینے کیلئے پرعزم ہے ہم سب پر ذمہ داری عائد ہوتی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ملک کو درپیش بحرانوں کی وجہ ووٹر اور ریاست کا ووٹ کو اہمیت نہ دینا ہے، لشکری رئیسانی

ووٹ کاغذ کی پرچی نہیں ہماری اور آئندہ نسلوں کی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بحرانوں کی وجہ ووٹر اور ریاست کا ووٹ کو اہمیت نہ دینا ہے، جہاں ووٹر اپنے ووٹ کو اہمیت نہ دیتا ہو وہاں کسی اور سے کیا توقع کی جاسکتی ہے۔ حلقہ این اے 265 کے ووٹرز کے حق رائے دہی کا دفاع کر رہے ہیں۔ ووٹ کاغذ کی پرچی نہیں ہماری اور آئندہ نسلوں کی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ووٹر کے عالمی دن کے موقع پر قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) شفیل اصغر عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کو نکیل کا کاروائی کی جائیگی، عبدالرحمن کھیتران

صوبہ میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوردنی اشیاء کی فروخت کو یقینی بنایا جائے گا

صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کو مہنگائی کے دلدل سے نکالنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی وزیر خوراک و بہبود آبادی و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا ہے کہ صوبہ میں اشیاء خورد و نوش کی قیمتوں کی نگرانی اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوردنی اشیاء کی فروخت کو یقینی بنایا جائے گا۔ جبکہ زائد المیعاد اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل میں لائی جائے گی۔ عوام اور پرائس کنٹرول کمیٹی خود ساختہ قیمتیں مقرر کرنے اور لوگوں کو مہنگے اور غیر معیاری اشیائے خورد و نوش فروخت کرنے والوں پر کڑی نظر رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک جاری کردہ بیان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کو مہنگائی کے دلدل سے نکالنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ عوام کو معیاری اور حفظان صحت کے مطابق خوراک کی فراہمی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

پاکستان کے بہتر مفاد میں تاریخ ساز سیاسی فیصلے تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھے جائیں گے مولانا عبدالواسع

پاکستان جمہوری تحریک میں شامل جماعتوں کی مضبوط اتحاد سے سلیکٹڈ سرکار حواس باختہ ہوگئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ پاکستان جمہوری تحریک میں شامل جماعتوں کی مضبوط اتحاد سے سلیکٹڈ سرکار حواس باختہ ہوگئی ہے، پاکستان کے بہتر مفاد میں تاریخ ساز سیاسی فیصلے تاریخ میں سنہرے حروف میں لکھے جائیں گے، جمعیت علماء اسلام بلوچستان پی ڈی ایم کے قائدین کے ہر حکم پر عمل درآمد کیلئے لبیک کہیں گے 13 دسمبر کو چار پاکستان پر پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کا جلسہ ہر صورت ہوگا حکومت کے خلاف نفرت کا لاوہ پک چکا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ملک کو درپیش بحرانوں کی وجہ ووٹر اور ریاست کا ووٹ کو اہمیت نہ دینا ہے، لشکری رئیسانی

ووٹ کاغذ کی پرچی نہیں ہماری اور آئندہ نسلوں کی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بحرانوں کی وجہ ووٹر اور ریاست کا ووٹ کو اہمیت نہ دینا ہے، جہاں ووٹر اپنے ووٹ کو اہمیت نہ دیتا ہو وہاں کسی اور سے کیا توقع کی جاسکتی ہے۔ حلقہ این اے 265 کے ووٹرز کے حق رائے دہی کا دفاع کر رہے ہیں۔ ووٹ کاغذ کی پرچی نہیں ہماری اور آئندہ نسلوں کی ترقی و خوشحالی کا زینہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ووٹر کے عالمی دن کے موقع پر قومی اسمبلی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

جو 2018 کے الیکشن میں ہوا وہ دوبارہ ہوا تو ملک آگے نہیں چلے گا؟ شاہد خاقان عباسی

پیٹرولیم بحران حکومت نے خود پیدا کیا، موجودہ حکمرانوں کی پالیسیوں کے باعث معیشت برباد ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ جو 2018 کے الیکشن میں ہوا وہ دوبارہ ہوا تو ملک آگے نہیں چلے گا، پیٹرولیم بحران حکومت نے خود پیدا کیا، موجودہ حکمرانوں کی پالیسیوں کے باعث معیشت برباد ہے، ہم نظام کی خرابی کی بات کر رہے ہیں، اقتدار کی نہیں۔ منگل کو یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ احتساب میں کارروائی نہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 دسمبر 2020ء

کرپشن معاشی قتل اور دہشت گردی کی ایک قسم

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ بلا شک وشبہ کرپشن ایک معاشی قتل اور دہشت گردی کی ایک قسم ہے جسکا مکمل خاتمہ کئے بغیر نہ تو کوئی ملک ترقی کرسکتا ہے اور نہ ہی عوام کو انکے حقوق پہنچا سکتے ہیں۔ 9 دسمبر کا دن ہم سب کیلئے تجدید عہد کا دن ہے۔ اس دن کی مناسبت سے آج ہمیں بدعنوانی کے خلاف تجدید عہد کرنا ہوگا کہ ہمیں اپنی صفوں سے کرپٹ عناصر کو الگ کر کے ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کی سچی بنیادیں استوار کرنا ہوں گی۔ معاشرے سے کرپشن کے خاتمے اور انصاف کا بول بالا کرنے کیلئے حکومت اور قومی احتساب بیورو کے ساتھ ساتھ عوام نے اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہوگی۔ اور معاشرے کو سدھارنے کیلئے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں موجود دیانتدار اور قابل ماہرین اور محققین کے علم وتجربہ سے بھی بھرپور استفادہ کرنا اشد ضروری ہے۔ وقت آپہنچا ہے کہ ہم عوام کی فلاح وبہبود اور بنیادی سہولتوں کی ضرورت کے مطابق ترسیل کو حقیقی شکل دینے کیلئے مالیاتی نظم وضبط اور انتظامی حکمرانی میں شفافیت قائم کریں۔ صوبے کے انتظامی اور مالیاتی نظم ونسق کو موجودہ حکومت نے بہتر بنایا ہے تاہم گڈ گورننس کو یقینی بنانے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ غریب عوام آج معمولی بیماریوں سے متعلق ادویات بازار سے خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں وہی ادویات موجود نہیں ہوتی۔ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی عدم دستیابی ہم سب کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔

ہم کہاں تھے کہاں آگئے

طلیبہ ضیاء

چندروہیں افراد پر مشتمل ایک خاندان کے لئے صرف ایک غسلخانہ اور ایک لیٹرین ہوا کرتی تھی وہ بھی گھر کے صحن میں تاکہ سب استعمال کرسکیں، غسلخانہ میں ایک بالٹی لگا چوبی تولیہ لائف بوائے صابن اور بچوں کی ایڑیاں مانجھنے کے لئے پتھر کا ایک چاوا ہوتا تھا اس کے علاوہ ایک نوتھ پیسٹ یا ڈینوتک رکھا ہوتا تھا جبکہ لیٹرین میں تانبے کا ایک لوٹا ہوتا تھا، کوئی شوبیچ کا خرچہ نہ تھا۔ نہادھو کر خوشبودار تبت کریم لگالیا کرتے تھے۔ استعمال شدہ تولیہ صحن میں لگی رسی پر لٹکا دیا جاتا تاکہ خشک ہونے پر دوسرا فرد استعمال کرسکے۔ گھر میں نوٹل دو چار تولیے ہوا کرتے اتوار کے روز ہفتہ بھر کے جمع کپڑوں کی دھلائی یعنی ویند لانڈری صحن میں لگے نلکے کے نیچے دیسی صابن اور ڈنڈے سے ہوا کرتی اور اس میں وہ تولیے بھی دھل جاتے تھے۔ کپڑے دھونے والے ڈنڈے سے کبھی کبھی بچوں کی دھلائی ہوا کرتی تھی۔ پھر لوگ ماڈرن کہلانے لگے، واشنگ مشین، واشنگ پاؤڈر آگئے، ہر کمرے سے ملحق باتھ روم بن گئے، ٹائلٹ پیپر آگئے، ہر شخص کے ذاتی استعمال کے پانچ سات تولیے ہوگئے، ہر باتھ روم میں الگ الگ نوتھ پیسٹ انگریزی صابن شیمپو، ہیئر کنڈیشنر، کرولیاں کرنے والا ماؤتھ واش، منہ دھونے کے فیس واش کئی اقسام کی کریمیں لوشن، شاور جیل، ہیئر جیل نہ جانے کیا کیا نظر آنے لگے اور ہر دور حکومت میں روتے دیکھا گیا کہ مہنگائی بہت ہوگئی ہے لیکن یہ نہیں سوچا کہ ہمارا بچپن اور آج ہمارے بچوں کے بچپن کے اخراجات لوازمات ناز نخروں میں زمین آسمان کا فرق آچکا ہے، پہلے چیز ضرورت ہوا کرتی تھی اور آج شوق ضرورت بن چکے ہیں۔ اخراجات بڑھاتے جاؤ گے تو پورے کرنے کے لئے حلال کمائی کم پڑ جائے گی پھر یا تو اوپر کی کمائی آئے گی یا مہنگائی کا رونا روتے روتے اوپر سے بلاوا آجائے گا۔ غریب سفید پوش مڈل کلاس ہر دور میں بھرم کے ساتھ گزارا کرتی چلی آرہی ہے۔ امیر ہر دور میں رویا ہے کہ اس کا لائف سٹائل اس کا عذاب بن چکا ہے اور متوسط طبقہ کی چادر اس کی آزمائش رہی ہے جس سے باہر پیر نکالا کہ بھرم کا لفافہ پھٹا مہنگائی کی وجہ موبائل فون بھی ہیں ہر گھر میں جتنے فرد ہیں ان کے پاس موبائل ہے، پہلے مزدور شام کو گھر لوٹتا تو ہاتھ میں کھانے کا سامان سبزی گھی وغیرہ ہوتا تھا۔ آج مزدور گھر آتا ہے تو پہلے بیوی کو ایزی لوڈ کروادو، بچے اپنے موبائل پیکیجز کے چکر میں باپ کو چکر دیتے ہیں اور مزدور کی آدھی دیہاڑی موبائل پیکیجز میں چلی جاتی ہے، پہلے لوگ گھروں میں بیل بکریاں پالتے تھے، بیٹی بیٹے کی شادی کیلئے آجکل جانور بیچ کر مہنگا موبائل خریدا جاتا ہے۔ معصوم بچپن سادہ زمانہ تھا۔ متوسط گھرانوں کے لڑکے جب چھوٹے تھے تو جمعہ کا دن مخصوص تھا، جوتیاں بھی پرانی تھی نہانا بھی پڑتا تھا نہادھو کر گھر میں موجود واحد سفید ٹوپی سر پر رکھ جمعہ کا خطبہ شروع ہونے سے پہلے مسجد میں پہنچنا والدہ کی طرف سے سخت آرڈر ہوتا تھا۔ مسجد گاؤں کے درمیان میں تھی اور ایک ہی تھی، گلی محلے کے دوسرے بچوں کے گھر میں بھی یہی مشق ہوتی تھی اور کچھ بچے ایسے وقت میں گلی کی نکڑ پر کانچے کھیلا کرتے تھے، انہیں حسرت سے دیکھا کرتے تھے دل میں تھا کہ ان کی موج ہے نہ نہانا پڑا نہ جمعہ کے لیے بھیجا گیا بس کانچے کھیل لیے وہ سوچتے تھے یہ کیسے تیار ہو کر سفید کپڑے پہن کر مسجد جارہے ہیں بس ایسی سادہ زندگی تھی کہ اب تو تصور ہی کیا جاسکتا ہے۔ کندھوں میں درد رہتا ہے، ٹانگوں میں گھٹنوں میں کمر میں درد رہتا ہے، زمین پر بیٹھا نہیں جاتا بیٹھ جاؤ تو اُٹھا نہیں جاتا، زمین پر سجدہ کرنے میں دقت پیش آتی ہے، کرسی پر نماز پڑھتی ہوں، آدھے سر کا درد رہنے لگا ہے، یہ وہ بیماریاں ہیں جن کی علامات شکایات پاکستانی خواتین میں چالیس سال کی عمر کے بعد سننے دیکھنے کو ملیں گی۔ یہی علامات شکایات چند برس قبل تک ساٹھ ستر برس سے اوپر کی خواتین کیا کرتی تھیں۔ ان تندرست بوڑھی خواتین اور آج کی بیمار جوان عورتوں میں یہ فرق ہے کہ وہ اپنے گھرداری کے کام خود کرتی تھیں اور ان کے اعصاب اور اعضاء مضبوط تھے، ہڈی یا دوزانوں ہیٹھ کرآتا گونڈتی تھیں، جھاڑو پوچا لگاتی تھیں تو پیٹ ساتھ لگ جاتا تھا، گھٹنوں اور ٹانگوں میں مضبوطی آتی تھی۔ ہاتھوں سے کپڑے دھوتی تھیں تو کندھوں تک زور لگتا تھا، دیہات کی عورت شہری عورت سے بھی زیادہ طاقتور تھی۔ مدھانی دہی بلونے، چکی میں آٹا دوری ڈنڈے سے مرچ مصالحہ جات پیسنے سے بازو اور کندھے مضبوط ہوتے تھے، نماز، چوکا نہ کے وضو اور قیام وسجود سے جسم اور چہرہ بشاش بشاش رہتا تھا کھیتوں اور گھر میں محنت مشقت کرتی ان عورتوں کو دیکھ کر امریکہ کا امیر کبیر gym ورزش خانہ بھی ششدر رہے، پھر عورتیں کاہل سست پھوہڑ ہونے لگیں عرف عام میں ماڈرن کہلانے لگیں اور سارا دن صوفے پر پڑی ٹی وی پر ساس بہو طلاق عشق معشوقی کے ڈرامے دیکھنے لگیں، نمازی عورتیں بھی قضا کرنے لگیں، وضو اور نماز سنت سے فرض تک آگیا، باورچی خانہ جہاں سے پاک طیب ہاتھوں سے رزق شوہر اور بچوں کے معدے کو برکات عطا کرتا تھا گندے ہاتھوں اور بے نمازی ملازموں کے سپرد ہوگیا، گھرداری کے کام چھوٹ گئے، نفسیاتی وجسمانی امراض لاحق ہونے لگے، شوہر کی کمائی ڈاکٹروں اور gym پر پھونک دی مگر لمحہ بھر کو نہ سوچا کہ جس طرح پیٹ غذا مانگتا ہے اسی طرح جسم اور ذہن حرکت اور برکت مانگتا ہے جو اپنے گھر اور اپنے شوہر اور بچوں کے کام اپنے ہاتھوں سے کرنے سے ہی نصیب ہوتا ہے۔ ہائے یہاں درد وہاں درد اور یوں بھری جوانی میں کاہلی سستی ڈپریشن انگڑائی بے برکتی کا شکار ہوجاتی ہے۔ ایسی ذہنی وجسمانی بیماریوں کا شوہر اگر باہر منہ مارے تو خود کو اور اس کو مرنے مارنے پر اتر آتی ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ شکریہ نوائے وقت

جلسے جلسیاں: عوامی جوش وبے اعتنائی

نصرت جاوید

پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں پے در پے جلسوں کے انعقاد سے یہاں "ووٹ کی طاقت" سے قائم ہوئی کسی حکومت کو گھر نہیں بھیجا جاسکتا۔ حاضرین کی تعداد کے اعتبار سے تاریخ ساز جلسوں سے مسلسل خطاب محترمہ بے نظیر بھٹو اپریل 1986 میں طویل جلاوطنی کے بعد وطن لوٹ کر فرما تی رہی ہیں۔ جونیجو حکومت اس کے باوجود مئی 1988 تک قائم رہی۔ دو برس گزر جانے کے بعد وہ بلکہ اتنی توانا ہوگئی کہ اس کے حقیقی "خالق" جنرل ضیاء کو بالآخر آئین کی آٹھویں ترمیم کے تحت ملے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اسے گھر بھیجنا پڑا۔

محترمہ بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت قائم ہوتے ہی نواز شریف صاحب نے بھی پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں عوامی اجتماعات کے طویل راؤنڈ کے ذریعے اس کے خلاف دباؤ بڑھانے کی کوشش کی تھی۔ جلسوں کے بعد "تحریک نجات" کے نام پر "ٹرین مارچ" بھی ہوا۔ یہ حکومت مگر اپنی جگہ قائم رہی۔ بالآخر محلاتی سازشوں سے رجوع کرتے ہوئے ان دنوں کے صدر فاروق لغاری سے روابط استوار ہوئے۔ آئین کی آٹھویں ترمیم ایک بار پھر بروئے کار آئی۔ "فاروق بھائی" نے سنگین الزامات لگاتے ہوئے محترمہ بے نظیر بھٹو کو وزارت عظمیٰ سے اسمبلیوں سمیت فارغ کردیا۔

2020 میں ایوان صدر میں براجمان عارف علوی کو آٹھویں ترمیم والے اختیارات میسر نہیں ہیں۔ عمران خان صاحب کو وزارت عظمیٰ سے ہٹانے کا واحد راستہ قومی اسمبلی میں ان کے خلاف پیش ہوئی تحریک عدم اعتماد کو کامیاب بنانے کے ذریعے ہی بتایا جاسکتا ہے۔ فی الوقت مگر اس کی گنجائش نظر نہیں آرہی۔

تحریک عدم اعتماد والا ہتھیار اگرچہ محترمہ بے نظیر بھٹو کی پہلی حکومت کے خلاف بھی مؤثر انداز میں استعمال میں نہیں ہو پایا تھا۔ حالانکہ اس وقت کے صدر۔ غلام اسحاق خان۔ اور آرمی چیف۔ جنرل اسلم بیگ۔ اس حکومت سے نجات کے برملا خواہش مند تھے۔ آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے پنجاب کے وزیر اعلیٰ نواز شریف بھی دل وجان سے ان کی معاونت کو آمادہ تھے۔

تحریک عدم اعتماد کی عدم افادیت کو نگاہ میں رکھتے ہوئے ہی 2008 کے بعد منتخب حکومتوں کے مخالفوں نے "عوامی تحریک" کی بدولت بحال ہوئے افتخار چودھری کے سپریم کورٹ سے "انصاف" مانگنا شروع کردیا تھا۔ غالباً اسی باعث یوسف رضا گیلانی کو اپنے ہی منتخب کردہ صدر کے خلاف "کرپشن کے ثبوت" حاصل کرنے کے لئے سوئس حکومت کو خط نہ لکھنے کی وجہ سے توہین عدالت کا مرتکب ٹھہرایا گیا۔ آصف سعید کھوسہ صاحب نے عوام کے ووٹوں سے منتخب ہوئے وزیر اعظم کو گھر بھیجنے والا حکم لکھتے ہوئے "حیف ہے اس قوم پر" والی دہائی بھی مچائی۔ کھوسہ صاحب کا یہ "جلالی" انداز بالآخر 2017 میں وطن عزیز کی وزارت عظمیٰ پہ تیسری بار براجمان ہوئے "سسیلین مافیا" سے بھی نجات دلانے کے کام آیا۔ دور حاضر کے سپریم کورٹ میں بیٹھے عزت مآب منصف مگر "سیاسی" سوالات سے اجتناب کو ترجیح دیتے ہیں۔ سوموٹو اختیارات کو استعمال کرنے میں نہایت صبر واحتیاط دکھا رہے ہیں۔ Same Page کی حقیقت نے "محلاتی سازشوں" کی گنجائش بھی ختم کردی ہے۔

مذکورہ بالا حقائق کے ہوتے ہوئے میں عمران حکومت کے ترجمانوں کی فوج ظفر موج کے بذیانی رویے کی بابت حیران وپریشان ہورہا ہوں۔ جماعت اسلامی کے سوا تمام اپوزیشن جماعتیں PDM نامی اتحاد میں گزشتہ برس یکجا ہوگئیں۔ عمران حکومت کے خلاف دباؤ بڑھانے کے لئے انہوں نے گوجرانوالہ سے ملک کے تمام بڑے شہروں میں "احتجاجی جلسوں" کا اہتمام شروع کردیا۔ پنجاب میں پولیس اور انتظامیہ ان جلسوں کو ناکام بنانے کے لئے روایتی ہتھکنڈوں کو ابتدا سے دریغ استعمال کرتی ہیں۔ جلسے کے انعقاد سے چند گھنٹے قبل مگر اعلان کردیا جاتا ہے کہ "آئینی حقوق" کا احترام ہوگا۔ اپوزیشن جماعتوں کے جلسے تو جمہوری نظام کی "رونق" ہوا کرتے ہیں۔ جلسہ جب ختم ہوجاتا ہے تو حکومتی ترجمان اسے "ناکام" ثابت کرنے میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ حقارت سے اصرار کرتے ہیں کہ اپوزیشن جماعتیں قدآور سیاست دانوں کے ہوتے ہوئے بھی حاضرین کی اتنی تعداد بھی جمع نہ کرپائیں جو مؤثر "جلسہ" بنائے۔ حال ہی میں سرکار کے لئے اعداد وشمار جمع کرنے والوں نے عمران حکومت کو نہایت اعتماد سے آگاہ کیا تھا کہ PDM کی ملتان والی "جلسی" میں شرکاء کی تعداد دس ہزار سے ہرگز زیادہ نہیں تھی۔ ان میں سے بھی 4 ہزار افراد آصفہ بھٹو زرداری کی شرکت کو "باثر" دکھانے سندھ سے ملتان آئے تھے۔ PDM کے جلسوں میں خلق خدا کی "بے اعتنائی" کا باعث ان جلسوں میں فروغ دیا "غدار بیانیہ" ٹھہرایا جارہا ہے۔ کرونا کی دوسری لہر بھی وباء کے خوف سے لوگوں کو گھروں تک محدود رکھنے کو آمادہ کرتی نظر آرہی ہے۔

حکومتی ترجمانوں پر اعتبار کریں تو PDM نے لاہور میں 13 دسمبر کے روز جس جلسے کا انعقاد کرنا ہے وہاں بھی حاضرین کی تعداد "مضحکہ خیز" حد تک "جلسی" کی صورت ہی اختیار کرے گی۔ مینار پاکستان کے گراؤنڈ کو "بھرنے" کے لئے ویسے بھی لاکھوں افراد کا اجتماع ضروری ہے۔ 10 اپریل 1986 کے روز محترمہ بے نظیر بھٹو نے یقیناً اسے حیران کن حد تک "بھر" دیا تھا۔ ان دنوں مگر ہمیں ہر لمحہ "باخبر" رکھنے والا 24/7 میڈیا متعارف نہیں ہوا تھا۔ ہمارے اجتماعی حافظے میں لہٰذا ابھی تک مینار پاکستان کے گراؤنڈ میں ہوا ایک ہی جلسہ "بطور" ریفرنس" آئندہ کئی برسوں تک محفوظ رہے گا۔ عمران خان صاحب نے اس جلسے سے اکتوبر 2011 میں خطاب کیا تھا۔ اس جلسے کی ریکارڈنگ ہمارے ہر ٹی وی نیٹ ورک کے پاس موجود ہے۔ 13 دسمبر 2020 کے روز اس کی جھلکیوں کو Split Screen میں دکھاتے ہوئے "گیارہ جماعتوں" کی مشترکہ کاوشوں سے ہوئی "جلسی" کے لئے ضائع ہوئی توانائی کو بآسانی عیاں کیا جاسکتا ہے۔

13 دسمبر 2020 کا جلسہ مگر حکومتی ترجمانوں کے اعصاب پر چھایا محسوس ہورہا ہے۔ نظر بظاہر وفاقی کابینہ نے مجوزہ جلسے کی "اجازت" دے دی ہے۔ اصولی طور پر یہ فیصلہ اگرچہ لاہور انتظامیہ کی ذمہ داری واختیار تھی۔ سنا ہے کہ آئین میں اٹھارویں ترمیم نامی کوئی شق موجود ہے۔ "امن وامان" سے جڑے تمام مسائل اس کی بدولت صوبائی حکومت کی بلاشرکت غیرے (Exclusive) ذمہ داری شمار ہوتے ہیں۔ آئینی امور کی بابت تقریباً جاہل ہوتے ہوئے میں لہٰذا سمجھ نہیں پایا کہ "وفاقی کابینہ" نے PDM کو لاہور میں جلسہ کرنے کی "اجازت" کس بنیاد پر دی ہے۔ تحریک انصاف یقیناً وفاق کے علاوہ پنجاب میں بھی حکمران جماعت ہے۔ اس تناظر میں مناسب تو یہی تھا کہ "وفاقی کابینہ" کے بجائے تحریک انصاف کی سنٹرل کمیٹی کا اجلاس ہوتا۔ وہ بطور ایک "سیاسی جماعت" پنجاب کے وزیر اعلیٰ (جاری ہے)

قرآن اور تخلیق انسان

ترتیب: سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

ہر دانا انسان کے عمل کے پیچھے کچھ مقاصد اور اغراض ہوتے ہیں، جن کی تکمیل کیلئے وہ شب وروز پوری جدوجہد، جانی ومالی قوت صرف کرتے ہوئے راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرتا ہے، اگر کچھ مسائل ومصائب درپیش ہوں تو انہیں خندہ پیشانی سے برداشت کر لیتا ہے لیکن اپنے مقصد اور مشن سے پیچھے نہیں ہٹتا اور نہ ہی لایعنی اور بیکار چیزوں میں اپنا وقت ضائع کرتا ہے، ایک انسان جب بلا مقصد کوئی کام نہیں کرتا تو کیا ہم نے کبھی اپنے وجود میں غور کیا کہ یہ حیرت انگیز جسمانی ساخت، دماغ اور معدہ کا پیچیدہ نظام، آنکھ، کان، ناک، ہونٹ، زبان اور دیگر اعضاء کی مناسب تخلیق کس نے اور کیوں کی؟ کیا یہ سارا نظام یوں ہی وجود میں آگیا یا اس کا کچھ مقصد اور غرض ہے؟ اللہ نے قرآن حکیم کی متعدد آیات میں بتایا ہے کہ انسانوں کی تخلیق اور انہیں زمین پر آباد کرنے کا مقصد یہ ہے کہ: نہایت بزرگ وبرتر ہے وہ جس کے ہاتھ میں (کائنات کی) سلطنت ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اسی نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تاکہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں کون اچھے عمل کرتا ہے۔ اور وہ زبردست (اور) بخشنے والا ہے۔ (الملک: 1-2)

اور وہی تو ہے جس نے زمین میں تم کو اپنا نائب بنایا اور تم میں سے بعض کو بعض کے مقابلے میں زیادہ بلند درجے دیئے تاکہ جو کچھ اس نے تمہیں بخشا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے، بے شک تمہارا پروردگار جلد عذاب دینے والا ہے اور بے شک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے (انعام: 165)

جو چیز زمین پر ہے ہم نے اس کو زمین کیلئے آرائش بنایا ہے تاکہ لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں کون اچھے عمل کرنے والا ہے۔ اسی لئے فرمایا:

اور میں نے جنوں اور انسانوں کو اس لئے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کریں۔ پھر عبادت وہی معتبر ہے جو شریعت کے مطابق ہو۔

ہم نے فرمایا کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ جب تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے تو (اس کی پیروی کرنا کہ) جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے۔ (بقرہ: 38)

اس کے بعد اے نبی ﷺ ہم نے آپ کو ایک صاف شاہراہ (شریعت) پر قائم کیا لہٰذا تم اس پر چلو اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو علم نہیں رکھتے۔ شریعتیں بھی امتحان وآزمائش کیلئے دی جاتی ہیں۔ (جاثیہ: 18)

اور (اے پیغمبر!) ہم نے تم پر یہی کتاب نازل کی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان (سب) پر شامل ہے تو جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان کا فیصلہ کرنا اور حق جو تمہارے پاس آچکا ہے اس کو چھوڑ کر ان کی خواہشوں کی پیروی نہ کرنا ہم نے تم میں سے ہر ایک (فرقے) کیلئے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے اور اگر تمہارا رب چاہتا تو سب کو ایک امت بھی بنا سکتا تھا لیکن اس نے یہ اس لئے کیا کہ جو کچھ تم لوگوں کو دیا ہے اس میں تمہاری آزمائش کرے سو نیک کاموں میں جلدی کرو تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں اصل حقیقت بتادے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہے ہو۔ (مائدہ: 48)

اور اگر تمہارا رب چاہتا تو جتنے لوگ زمین پر ہیں سب کے سب ایمان لے آتے، تو کیا تم لوگوں پر زبردستی کرنا چاہتے ہو کہ وہ مومن ہوجائیں؟ (یونس: 99)

یہی وہ فریضہ اور ذمہ داری ہے جس سے آگاہ کرنے کیلئے انبیاء کرام علیہم السلام کو بھیجا گیا، جنہوں نے انسانوں کو معبود حقیقی سے ملانے کا کام کیا، قدم قدم پر ان کی رہنمائی کی اور ایسے اصول وضوابط بیان کئے جن پر چل کر ایک انسان حقیقی کامیابی سے ہمکنار ہوتا ہے، بہت سے بندوں نے ان کی دعوت قبول کی اور جن کے مقدر میں ہدایت نہیں تھی، وہ اس دعوت سے دور رہے اور ہمیشہ کیلئے ذلت ورسوائی ان کا مقدر بن گئی، قرآن نے اس اصول خداوندی کو ان الفاظ میں بیان کیا ہے:

اور ہم نے ہر جماعت میں پیغمبر بھیجا کہ اللہ ہی کی عبادت کرو اور بتوں (کی پرستش) سے اجتناب کرو تو ان میں بعض ایسے ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی اور بعض ایسے ہیں جن پر گمراہی ثابت ہوئی، سو زمین پر چل پھر کر دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا انجام کیسا ہوا۔ (النحل: 36)

حضرت نوح، حضرت ہود، حضرت صالح، حضرت ابراہیم، حضرت یعقوب، حضرت شعیب، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ اور جتنے بھی انبیاء کرام علیہم السلام آئے سب کی مشترکہ دعوت توحید وآخرت تھی یعنی تمام نبیوں اور رسولوں نے بندوں کو اللہ سے جوڑنے اور اسی کی عبادت کرنے کی تلقین کی، معبودان باطلہ اور دنیا کی چمک دمک سے منہ موڑنے کی ہدایت دی اور صاف صاف واضح کردیا کہ عبادت کے لائق صرف ایک اللہ کی ذات ہے، اسی کی عبادت کرنی چاہئے اور اسی کو اپنا سہارا اور ٹھکانا بنانا چاہیے۔

سورۂ شعراء میں مختلف انبیاء کرام کا تذکرہ کرتے ہوئے ان سب کی ایک ہی دعوت کا تفصیلی بیان ہے، تمام انبیاء کرام کی یہی فکر تھی کہ کسی طرح ہماری قوم اللہ سے آشنا ہوجائے، اس کی عبودیت اور بندگی کو مقصد حیات بنالیں، انبیاء کرام علیہم السلام جو اللہ کے حقیقی نمائندے تھے، انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہمارا مقصد تم سے دنیا حاصل کرنا یا کچھ اجرت طلب کرنا نہیں ہے، اس کام کا اجر تو اللہ تعالیٰ ہی دینے والا ہے۔ میری قوم! میں اس (وعظ ونصیحت) کا تم سے کچھ صلہ نہیں مانگتا۔ میرا صلہ تو اس کے ذمے ہے جس نے مجھے پیدا کیا۔ بھلا تم سمجھتے کیوں نہیں؟ (ہود: 51)

تم لوگوں سے صرف اتنی ہی خواہش ہے کہ اپنے حقیقی خالق ومالک اور اپنے حقیقی محسن پر ایمان لاؤ اور اسی کو اپنا مرجع وملجا بنالو۔ قرآن شاہد ہے کہ اللہ کے تمام فرستادہ نمائندوں نے حق کی آواز اللہ کے بندوں تک پہنچادی اور ان کو آگاہ کردیا کہ وحدانیت ہی کامیابی کی راہ ہے، جسے دنیا وآخرت کی سرخروئی عزیز ہے اور جو ابدی راحت وآرام کا طالب ہے، اسے چاہئے کہ جب تک جسم سے روح کا رشتہ باقی ہے وہ اللہ کیلئے ہی اپنی عبودیت کا دم بھرتا رہے، اسی کو اپنا معبود اور محبوب بنائے، یہی قرآن کا خلاصہ ہے۔

اور تمہارے پروردگار کی باتیں سچائی اور انصاف میں پوری ہیں اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور وہ سنتا جانتا ہے۔

مقام عشق

سید غلام حیدر شاہ قلندری

دوستو! کبھی کبھی آپ نے بچوں کو دیکھا ہوگا وہ نئے نئے کھلونوں کو توڑ کر جوڑنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ سارا وقت ان میں مشغول رہتے ہیں۔ جب تک یا تو کھلونا بالکل کام سے نکل جائے یا دھیان کسی دوسری طرف ہوجائے۔ اسی طرح آپ نے دیکھا ہوگا کہ جب بھی کوئی مستری کسی دیوار کا پلستر کرتا ہے تو پہلے موجود پلستر کو رگڑ ضرور دیتا ہے۔ اس کو تک لگانے کی بھی کوشش کرتا ہے۔ اگر دیوار نئی ہے تو اس کی اینٹوں کو پانی سے سیراب کرواتا ہے۔ ان کے بیچ میں اگر مٹی ہے تو اس کو نکالتا ہے۔ اگر سیمنٹ ہے تو اس کی رگڑائی ہوتی ہے۔ بغیر رگڑائی، تک لگانے اور پانی کے پلستر جم نہیں سکتا۔ اسی طرح اگر آئل پینٹ بھی کرواتا ہے تو پہلے والا رنگ اتارا جائے گا اور اگر پہلی بار ہے تو سیمنٹ میں رگڑائی لازمی ہے۔ اسی طرح حکیم صاحبان پہلی کھائی ہوئی دوائی کا اثر جلابوں کے ساتھ ضائع کراکر نئی دوائی کھلاتے ہیں تب ہی وہ اثر بھی کرتی ہے۔ اسی طرح ایک ان پڑھ بچے کو علم حاصل کرنے کے لیے الف سے یعنی صفر (زیرو) سے اسٹارٹ کروایا جاتا ہے۔ اسی بچے کی طرح ایک معرفت الٰہی کے طالب کو استاد اس کی جسمانی ساخت کو زائل کرواتا ہے، سارے انسانی اعضاء کو توڑ مروڑ کر ان میں سے وہ سارے ٹیڑھ نکال کر نئے سرے سے فٹ کرواکر سیٹنگ کرتا ہے، جیسے ایک مستری پہلے پانی کو استعمال کرواتا ہے۔ دوستو، ایسے ہی ایک صوفی استاد وردو پاک کی کثرت سے اندر کی گندگی کو دھلاتا ہے، پھر اس کو ذکر قلبی سے تک لگانا شروع کرواتا ہے۔ مثلاً دنیاوی صبر برداشت سکھا کر، غصہ، حسد، کینہ، بغض نکال کر جب وہ بالکل اس کے قابل ہوجاتا ہے تو اس کو رمزی باتیں سمجھنے میں آنا شروع ہوجاتی ہیں۔ کشف کی صورت میں نقاب کے پردے دور ہونے لگتے ہیں۔ ایک خاموشی کا سماں باندھ دیا جاتا ہے۔ سب کچھ جان کر بھی وہ بے خبر ہوجاتا ہے۔ رضائے الٰہی پر راضی رہتا ہے۔ یہ وہ مقام ہے جسے مقام عشق کہا جاتا ہے۔

میں سخن ور بنا بڑا ہو کر

شہزاد حسین بھٹی

فرہاد نے کہا تھا کہ جذبات کو تصور اور تصور کو جذبات مل جائیں تو شعر تخلیق ہوتا ہے۔ اصل تعریف کیا ہے؟ اس پر آج تک کوئی متفقہ رائے سامنے نہیں آسکی۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اس کو ہر شخص مختلف زاویوں اور مختلف جہتوں سے پرکھتا ہے جبکہ منظر نگاری اپنے حساب سے کرتا ہے۔ شعر کی موزونیت کا انحصار وجدانی کیفیت پر منحصر ہے جو افتاد طبع اور آمد آورد کے وقت مختلف ہوسکتا ہے، اس لیے جمالیات میں حقائق ڈھونڈے نہیں بلکہ تخلیق کیے جاتے ہیں۔ اسی چیز کا اطلاق شعر پر بھی ہوتا ہے، کہنے والوں نے بہت کچھ کہا ہے۔ مثلاً کسی نے کہا ہے کہ جو کلام قوت متخیلہ سے وجود میں آئے وہ شعر ہے یا پھر یہ کہ شعر رواں اور مترنم الفاظ میں دلی کیفیات کا اظہار ہے۔

نکتہ "شب ریز" گزھی دولت زئی، مردان کے نامور استاد وشاعر عزیز عادل کا شعری مجموعہ ہے جو جنوری 2020 میں منصۂ شہود پر نمودار ہوا۔ اُن کی مزید چار غیر مطبوعہ کتابیں تیار ہیں جن میں سے "صدا مانوں لگتی ہے" جلد اشاعت پذیر ہونے کو ہے۔ ایک سو چوالیس صفحات پر مشتمل اس کتاب کا انتساب۔ "نرو پہلے چہرے کے نام۔ جس نے زندگی کا شعور بخشا" اور پسران وادختر نیک اختر بالترتیب۔۔۔۔ محمد عزیز، ایمن عزیز، محمد فیضان، محمد زوہیب، محمد روشان کے نام کیا ہے۔۔۔۔ حروف تشکر محسن بھوپالی، انوار احمد شام، راحل بخاری، لعل زادہ لعل، زاہد خیبر، اکبر بخاری اور مظہر جاوید کے نام کیا ہے۔ کلمہ، محبت پدر بزرگوار سردار خان، احمد علی خان، طاہر خان، امجد علی خان، منصور علی خان، واجد علی اور واجد خان کے نام تحریر کیا ہے۔

"آئینہ ساز۔ شب ریز" کے عنوان سے راحل بخاری لکھتے ہیں کہ عزیز عادل کی غزل جذبات اور فکر وخیال کی انتہائی لطیف سطح پر ترسیل کرتی ہے۔ ان جذبات کا معنویت سے معمور ہونا لازم ہے اور یہی صفت اس صنف کی زندگی کی ضمانت ہے اور رہے گی۔ عزیز عادل کی شخصیت کی موسیقی، ترنم اور گداز اُن کے اشعار میں صاف بولتا ہے۔ کیف وآہنگ کو وہ الگ الگ رجحان سمجھنے والے درست ہیں۔ وہ کیف میں شعر کہنا جانتا ہے اور اس کی زمین کے ساتھ جڑ مضبوط ہے۔ (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

دفاع اور جارحیت

ایک مشہور کہاوت ہے کہ افغانستان ایک ایسا خطہ ہے جہاں امن نہیں اور اسے کوئی جارح فتح نہیں کرسکا افغانستان کی تاریخ بہت پرانی ہے دنیا میں شاید سب سے زیادہ تحیر اس کے خمیر میں رچا بسا ہے

یہاں ایک دوسرے کو فتح کرنے کی دھن میں کشت وخون کے ہولی ہمیشہ کھیلی گئی افغانستان کے برصغیر پر بڑے گہرے اثرات مرتب ہوئے ہیں اسے برصغیر میں آنے کا دروازے بھی کہا جاسکتا ہے اس خطہ سے آنے والے اولیاء کرام نے اسلام کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا جس کے نتیجہ میں لاکھوں افراد مسلمان ہوگئے جبکہ مختلف ادوار میں افغانستان کے جنگجو آندھی اور طوفان کی طرح ہندوستان پر حملہ آور ہوئے اور برصغیر کی تاریخ بد

شال بقیہ 1

کا بول بالا کرنے کیلئے حکومت اور قومی احتساب بیورو کے ساتھ ساتھ عوام نے اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہوگی۔ اور معاشرے کو سدھارنے کیلئے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں موجود دیانتدار اور قابل ماہرین اور محققین کے علم وتجربہ سے بھی بھرپور استفادہ کرنا اشد ضروری ہے۔ گورنر یاسمین زئی نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولتوں کی ضرورت کے مطابق ترسیل کو حقیقی شکل دینے کیلئے مالیاتی نظم وضبط اور انتظامی حکمرانی میں شفافیت قائم کریں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے انتظامی اور مالیاتی نظم ونسق کو موجودہ حکومت نے بہتر بنایا ہے تاہم گڈ گورننس کو یقینی بنانے کے لیے مزید اقدامات کی ضرورت ہے۔ گورنر بلوچستان نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ غریب عوام آج معمولی بیماریوں سے متعلق ادویات بازار سے خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں وہی ادویات موجود نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی عدم دستیابی ہم سب کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ قومی احتساب بیورو کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے گورنر نے کہا کہ قومی احتساب بیورو چھوٹے بڑے سب کا احتساب کررہا ہے اس طرح اقدامات سے عوام کا اداروں پر مزید اعتماد بحال ہوجائے گا اور اداروں کی کارکردگی پر مثبت اثرات مرتب ہونگے۔ گورنر نے دینی علماء اکرام، میڈیا پرسنز اور معاشرے کے تمام ذی فہم افراد پر زور دیا کہ وہ آگے آئیں اور کرپشن سے پاک ایک صحت مند معاشرے کی تشکیل میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

شال بقیہ 2

کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے بھی، تقریب سے چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر، ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان فرمان اللہ، آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ، آصف بلال لودھی سمیت دیگر نے بھی خطاب کیا، اس موقع پر چیئرمین وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم حیدر علی شکوہ سمیت دیگر سیکرٹریز بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایک تہواری قوم بن چکے ہیں دینی اور دنیاوی دنوں کو منانے اور کیلنڈر میں بٹ چکے ہیں ہم صرف انسداد بدعنوانی کی بات کرتے ہیں لیکن اس سے آگے بڑھ کر چیزوں کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے جس کے لئے جذبے کی پیدا کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کرنے ذہنی طور پر مفلوج ہوجاتے ہیں ہمارے ہاں صرف مالی بدعنوانی کے عنصر پر توجہ مرکوز ہے جبکہ ناانصافی، غلط فیصلے، نااہل افراد کی تقرریاں بھی بدعنوانی کے دو اہم پہلو ہے جو آگے چل کر مالی بدعنوانی کو جنم دیتے ہیں اگر پہلے مرحلے کو ٹھیک کرلیا جائے تو کرپشن میں 70 فیصد تک کمی لائی جاسکتی ہے۔

شال بقیہ 3

ہے۔ بدعنوانی کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے سزا و جزا کے قانون پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ترقیاتی کاموں کی منصوبہ بندی ضرورت کی بنیاد پر کی گئی جس سے عوامی فنڈز کے ضیاع کو روکا گیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے بین الاقوامی انسداد بدعنوانی دن کی مناسبت سے ایک پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے انتظامی امور کی بہتر انجام دہی کیلئے نئوں اور جامع حکمت عملی مرتب کی جس سے بدعنوانی پر قابو پانے میں مدد ملی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بحیثیت قوم ہمیں خود احتسابی کے نظام کو فروغ دینے کی اشد ضرورت ہے جو گھریلو سطح پر بدعنوانی کے خلاف جہاد شروع کرنے میں معاون ثابت ہوگا اور جب احتساب کا نظام مضبوط ہوگا تو بدعنوانی معاشرے میں سرنہیں اٹھا پائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نسل نو کی کردار سازی ذہنی آبیاری اور اچھے اوصاف کے فروغ کیلئے معاشرے کے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے۔ اور بدعنوانی کے قلع قمع کیلئے عوامی شعور اگاہی کے پروگراموں کو نچلی سطح تک وسعت دینے کی بھی اشد ضرورت ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ نسل نو میں اچھے اور برے کی تمیز ختم ہوتی جارہی ہے۔

شال بقیہ 4

سیکورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے مابین جھڑپ ہوئی ہے سیکورٹی فورسز سے مقابلے میں 3 دہشتگرد ہلاک ہوگئے ہیں شناخت کیلئے لاشیں پنجگ ہسپتال منتقل کردی گئیں جبکہ شناخت ٹمپ کیمطابق تعلقہ ملک آباد کے رہائشی مختار ولد نورحسین اور عزیز احمد ولد ماسٹر عبداللہ عرف عبیدہ کے نام سے ہوئی ہیں اور تینوں مرنیوالے کالعدم تنظیم کے رکن بتائے جاتے ہیں ڈپٹی کمشنر پنجگور نے بتایا کہ اس حوالے سے مزید تحقیقات کی جارہی ہے۔

شال بقیہ 5

نے ٹریفک حادثات میں بروقت طبی امداد فراہم کرکے اب تک سینکڑوں جانوں کو بچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1122 کے بننے سے صوبے کے لوگوں کو بہت فائدہ ہوا ہے، ادارے نے کم عرصہ میں بہتر کارکردگی مظاہرہ کیا ہے حکومت کا کام عوام کو بہتر صحت کی سہولیات فراہم کرنا ہے ادارے بنانا مقصد نہیں بلکہ انکو بہتر انداز میں چلانا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیکل ایمرجنسی سپیشلسٹ کو مطلوبہ تمام سہولیات فراہم کرنے کے حکومت تعاون کرے گی وزیراعلیٰ سے 1122 کو جدید طرز پر مزید فعال کرنے کے لئے بات کرونگا۔

شال بقیہ 6

موجودہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں نے کرپشن کی روک تھام کیلئے انقلابی اقدامات اٹھائے ہیں، اور میرٹ، بیمانرٹی، اور گڈ گورننس کو اولیت دیتے ہوئے اس پر سختی سے عمل پیرا ہے امر انتہائی اہم اور توجہ طلب ہے کہ عوام خود کرپشن کا حصہ نہ بنیں اور ناجائز کام کرانے کیلئے حکومتی مشینری کو پیسوں اور دیگر مالی فوائد کا لالچ نہ دیں اور میرٹ کو تسلیم کرنے کی عادت ڈالیں تاکہ ہمارے ملک میں ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی ہو اور کرپشن کا روک تھام ہو سکیں۔

شال بقیہ 7

ہے کہ بدعنوانی کو ہر سطح پر نہ صرف نشاندہی کریں بلکہ اپنی تمام تر توانائیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے اقدامات کریں۔ اگر ہم سب آج مل کر انفرادی اور اجتماعی طور پر بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے متحدہ ہوکر خلوص نیت سے اقدامات کریں گے تو میرٹ کا استحصال نہیں ہوگا اور عوام خوشحالی کی منزل کی طرف گامزن ہونگے۔

شال بقیہ 8

ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔ جبکہ سرکاری نرخناموں پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ناقص وغیر معیاری خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مختلف اضلاع میں کاروائیاں جاری ہیں۔ تاہم عوام کو معیاری اشیائے خرد ونوش کی فراہمی سمیت سستا اور اعلیٰ معیار آٹے کی فراہمی کو یقینی بنانے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

شال بقیہ 9

کونسل ڈویلپمنٹ اینڈ فشریز اور موجودہ ڈی جی فشریز نے مروجہ قوانین اور حکومتی احکامات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے گرین فاسٹر گاس بوٹس، ڈیسل مائینرنگ سسٹم، سی ایمبولینس اور پٹرولنگ بوٹس کی خریداری کے ٹھیکے گھر اور سنز کمپنی بنانے والی ان کمپنیوں کو دیئے جو نہ تو مرکنٹائل میرین ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ تھیں اور نہ ہی اس شعبے کے خاطر خواہ مطلوبہ تجربہ اور اہلیت کی حامل تھیں۔ مزید یہ کہ کام کی تکمیل اور بوٹس، متعلقہ مشینری اور اشیاء کی وصولی کے بغیر ہی اور جون کے مہینے میں خلاف قوانین بھاری ادائیگیاں بھی کردی گئیں۔ محکمہ کونسل ڈویلپمنٹ اینڈ فشریز اور فشریز کی ان بیقاعدگیوں کا نوٹس لیتے ہوئے نیب بلوچستان کی تحقیقاتی ٹیم نے ڈی جی نیب بلوچستان فرمان اللہ خان کی ہدایات اور چیرمین نیب جسٹس جاوید اقبال کی منظوری سے انتہائی جانفشانی سے کام کرتے ہوئے ملزمان کی کرپشن کا سراغ لگا لیا۔ نیب بلوچستان نے مرکزی ملزمان سے مزید حقائق کی جانکاری کے لیے سابقہ سیکرٹری محکمہ کونسل ڈویلپمنٹ اینڈ فشریز اور ڈی جی فشریز کو گرفتار کر کے نیب آفس منتقل کردیا ہے، ملزمان کو احتساب عدالت پیش کرکے ریمانڈ حاصل کیا جائے گا۔

شال بقیہ 10

کو کام کرنے کیلئے جو ماحول فراہم کیا گیا ہے اگر اسکے باوجود بھی کسی افسر نے اپنی حد سے تجاوز کیا تو اسے معاف نہیں کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمے کے افسران کو گاڑیوں کی چابی دیتے ہوئے کیا واضح رہے کہ محکمہ مواصلات و تعمیرات نے اپنے فنڈز سے پندرہ کروڑ روپے مالیت کی اکتیس گاڑیاں خریدی ہیں جو افسران میں تقسیم کی گئیں ہیں جو صوبے کے دور دراز علاقوں میں محکمے کے زیر نگرانی چلنے والے ترقیاتی منصوبوں کی موثر نگرانی کرسکیں گے میر عارف جان حسنی کا کہنا تھا کہ وہ میرٹ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے جن افسران کا حق ہے۔

شال بقیہ 11

کرتے ہوئے وزیر خارجہ کو ٹاسک سونپ دیا گیا، وزیر خارجہ فرانس کے معاملے پر حکومتی پالیسی سے آگاہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق منگل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت کابینہ کا اجلاس ہوا جس میں کورونا صورتحال پر بریفنگ دی گئی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا سے اموات اور پھیلنے کی شرح پر بریفنگ دی گئی۔

شال بقیہ 12

مطابق سوار اور منگل کی درمیانی شب ولی خان تھانہ کے قریب جنگل کراس کے مقام پر ایرانی تیل سے لوڈ زمباد گاڑی الٹنے گاڑی میں آگ لگ گئی آگ لگنے سے گاڑی میں ایک شخص جھلس کر جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہوا فائر بریگیڈ نے موقع پر پہنچ کر آگ بجھائی دریں اثناء گزشتہ روز صبح قومی شاہراہ پر کھڈ کوچہ کے علاقے مرسل کے مقام پر ایرانی تیل سے لوڈ ڈس ویلر ٹرک الٹ گیا حادثے میں دو افراد حکمت اللہ، اور محمد اسماعیل موقع پر جاں بحق اور جان محمد نامی ایک شخص زخمی ہوا لاش اور زخمی کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال منتقل کردیا جہاں زخمی کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کردیا۔

شال بقیہ 13

افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے مرنے والوں میں میاں بیوی اور انکی بچی شامل ہیں تفصیلات کے مطابق برات خان ولد حضرت نور قوم سلیمانخیل انکی بیوی (گ بی بی) اور 6 سالہ بچی فاطمہ بی بی لورالائی سے اپنے گھر مزہ تنگی موٹر سائیکل پر جارہے تھے کہ مخالف سمت سے آنے والے ڈائیو سے ٹکرانے سے یہ حادثہ پیش آیا مقامی لیویز نے نعشوں کو لورالائی ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کاروائی کے بعد نعشوں کو ورثا کے حوالے کردیا مزید کاروائی دہار تھانہ لیویز کررہی ہے۔

شال بقیہ 14

کے نتیجے میں علی نامی شخص جاں بحق جبکہ یوسف زخمی ہوگیا لاش اور زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کاروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 15

سیمن اور کاریں شامل ہیں جو محکمے کے تعلیمی فنڈ سے بچت کرکے خریدی گئی ہیں، محکمہ ہی اینڈ ڈبلیو کا م کے مطابق محکمے کے فیلڈ میں کام کرنے والے ایکسین، سپرنٹینڈنٹ انجینئرز سمیت فیلڈ میں کام کرنے والے اعلیٰ افسران کے پاس گاڑیاں نہ ہونے کی وجہ سے انہیں کام کرنے میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا جس پر محکمے نے فیصلہ کیا کہ محکمے کو منصوبوں میں ملنے والے ایک فیصد تعلیمی فنڈ میں سے آدھا فیصد بچت کرکے افسران کے لئے گاڑیوں کی کمی کو پورا کیا جائیگا منگل کو محکمے کو 26 ڈبل سیمن اور کاریں مل گئی ہیں جنہیں افسران کے حوالے کردیا گیا ہے جبکہ اس سے قبل بھی 5 گاڑیاں مختلف علاقوں میں افسران کے حوالے کی گئی تھیں۔

شال بقیہ 16

حکومت کی جان نکلی ہوئی ہے، بھی سنا ہے کسی جلسے پر تین تین ہزار ایف آئی آر کٹی ہوں، اتنی ایف آئی آر کاٹی گئیں کہ اب ان کا خوف نہیں رہا، حکومت اب خود جانے والی ہے اس کی ایف آئی آر کہیں سٹینڈ نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم میں سارے آپشنز زیر غور ہیں، کچھ چیزوں پر کافی بحث ہوچکی ہے، اس تحریک کو عوام لیڈ کررہی ہے یہ عوام کی تحریک ہے، یہ عوام کو مشکلات سے نکالنے کی تحریک ہے، یہ تحریک اب کبھی نہیں رکے گی اور یہ تحریک حکومت کو گھر بھیج کر دم لے گی۔ انہوں نے کہا کہ قانون اور آئین کی باتیں حکومت کو زیب نہیں دیتیں۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی حکومتی ترجمان کی بات کا جواب نہیں دینا چاہتی۔

شال بقیہ 17

کی معاشی اور سماجی ترقی کی نئی سمت متعین کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنی لازوال اور دیرینہ دوستی پر فخر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی وفود کے تبادلوں سے باہمی سیاسی، سماجی اور معاشی تعلقات میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی سفارتکاری اہم دوطرفہ روابط کو مضبوط بنانے میں موثر کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے مابین ادارہ جاتی معاونت کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی روابط کے فروغ سے معاشی شراکت داری مزید مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک علاقائی ترقی کی مشترکہ وژن کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک نہ صرف خطے بلکہ علاقائی خوشحالی اور تعمیر و ترقی کی نوید لیکر آئے گا، چین کے سفیر نونگ رونگ نے مشترکہ ترقی اور مربوط روابط سے متعلق چیئرمین سینیٹ کے خیالات کو سراہا۔ چینی سفیر نے کہا کہ پاکستان چین کیلئے انتہائی اہم ملک ہے اور علاقائی ترقی کے لئے ہماری جدوجہد مشترکہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کا ترقی وخوشحالی کے وژن اور اسی پیک کے منصوبے سے یہ خطہ بین الاقوامی تجارت کا مرکز ثابت ہوگا۔

شال بقیہ 18

ثبت آنے کی شرح 4.8 فیصد رہی۔ سرکاری پورٹل کے مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ہونے والی ہلاکتیں 5 ماہ کے دوران ایک روز میں سب سے زیادہ ہلاکتیں ہیں۔ اس سے قبل 8 جولائی کو ملک میں کورونا سے 83 اموات ہوئی تھیں۔ سرکاری پورٹل کے مطابق ملک میں کورونا سے ہلاکتوں کی تعداد 8487 ہوئی ہے اور مجموعی کیسز 4 لاکھ 23179 تک جا پہنچے ہیں، فعال کیسز کی تعداد 44218 ہے۔ اس کے علاوہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں 13932 مریض کورونا سے صحتیاب بھی ہوئے ہیں جس کے بعد مجموعی طور پر صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 370474 ہوگئی ہے۔ سرکاری پورٹل کے مطابق سندھ میں کورونا کے مریضوں کی مجموعی تعداد 186212 ہوگئی ہے، 3060 افراد اب تک انتقال کرچکے ہیں۔ پنجاب میں کورونا کے کل مریضوں کی تعداد 124191 ہے اور 3218 افراد وائرس میں مبتلا ہوکر جان سے جاچکے ہیں جبکہ بلوچستان میں مریضوں کی کل تعداد 17501 اور ہلاکتیں 169 ہوچکی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 50078 اور 1419 ہلاکتیں ہوچکی ہیں جب کہ آزاد کشمیر میں 7390 افراد وائرس میں مبتلا ہوچکے ہیں اور 182 افراد انتقال کرگئے۔ اس کے علاوہ گلگت بلتستان میں اب تک کورونا کے مریضوں کی تعداد 4746 اور 98 افراد انتقال کرچکے ہیں۔ پورٹل کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کورونا کے مریضوں کی مجموعی تعداد 33061 ہے اور اب تک 341 مریض انتقال کرچکے ہیں۔

شال بقیہ 19

کی ہے کہ ہم اپنے ساحل کو دنیا کے سیاحوں کیلئے پرکشش بنا کر سیاحت کے فروغ کیلئے سنجیدہ اور مخلصانہ اقدامات کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پارٹی قیادت اور کارکنوں کے ساتھ کنڈ ملیر، ہنگلاج، پرنسس آف ہوپس، مڈ ویلکیشنز، بزی ٹاپ اور دیگر مقامات کے 3 روزہ دورے کے دوران علاقہ مکینوں اور پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ورکن بلوچستان اسمبلی قادر علی نائل، اراکین مرکزی کونسل محمد رضا بیگ، اسماعیل چنگیزی، بوستان کشمند ضلعی صدر ساحل ہزارہ، نائب صدر ذاکر بھائی جان، سیکرٹری رجب علی و دیگر ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ سیاحت کو فروغ دیکر صوبے کیلئے روزگار، کاروبار کے مواقع پیدا کئے جاسکتے ہیں جبکہ علاقہ سے غربت اور پسماندگی کا خاتمہ ہوسکتا ہے یہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ جو کوسٹل بیلٹ دنیا کے خوبصورت ترین مقامات میں شمار ہونے کے قابل ہے۔

شال بقیہ 20

شہباز کو اشتہاری قرار دیدیا۔ احتساب عدالت کے ایڈمن جج جواد الحسن نے سماعت کی۔ عدالت کی جانب سے قرار دیا گیا کہ نصرت شہباز کو دی 30 روز کی مہلت ختم ہوچکی ہے۔ یاد رہے کہ اس مقدمے میں پہلے ہی شہباز شریف کے بیٹے، بیٹی اور داماد سمیت دیگر کو اشتہاری قرار دیا جاچکا ہے۔

شال بقیہ 21

لیا جس میں سات ثقافتی ایجنڈے پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزارت منصوبہ بندی کیکراچی ٹرانسفارمیشن پلان کی منظوری پر غور کیا جائے گا، ملک میں بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کی پہلی پالیسی کے مسودہ کا جائزہ لیا جائے گا، اجلاس میں نئی گاڑیوں پر ادون ختم کرنے کی اسکیم کی منظوری دی جائے گی، عوام کو دی جانے والی مختلف قسم کی مالی اعانت کو ختم کرنے کیلئے وزارت خزانہ کی سمری کی منظوری دی جائے گی، غیر ملکی قرض کو صوبوں یا دیگر اداروں کو فراہمی کی ری لینڈنگ پالیسی میں تبدیلی پر غور کیا جائے گا، وزارت صحت اور وزارت داخلہ کے ذیلی اداروں کی ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ کی درخواستوں کی منظوری دی جائے گی۔

شال بقیہ 22

سے فیصل آباد کے بعد سیالکوٹ کیلئے بھی تاریخی پیکج دینے کی منظوری دیدی گئی، وزیراعظم سیالکوٹ کے لئے اربوں روپے کے پانچ میگا پراجیکٹس کا اعلان کریں گے۔ وزیراعظم (آج) بدھ کو طائفہ ڈار کی دعوت پر سیالکوٹ کا اہم ترین دورہ کریں گے، وزیراعظم سیالکوٹ کے لئے نئی ایئرلائن، اثرسیال کا افتتاح بھی کریں گے، نئی ایئرلائن کے علاوہ سیالکوٹ کیلئے 5 میگا پراجیکٹس کا اعلان کریں گے، سیالکوٹ کے لاکھوں شہریوں کے لئے واٹر فلٹریشن منصوبے کا افتتاح ہوگا، شہر میں ٹریفک مسائل کے حل کے لئے روڈز اینڈ سگنل ری انجینئرنگ منصوبے کا سنگ بنیاد رکھیں گے، سیالکوٹ میں پانچ بڑے گرین پارکس بھی وزیراعظم ترقیاتی پیکج میں شامل، سیالکوٹ میں اسٹوریج سسٹم کی ری انجینئرنگ بھی منصوبوں میں شامل ہیں۔

شال بقیہ 23

جسٹس عینی کی اہلیہ کی جانب سے چیف جسٹس کو فریق کہنے پر شیخ کے سربراہ جسٹس عمر عطاء بندیال نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ آپ حد پار کررہی ہیں، اپنی حد سے باہر نہ جائیں جبکہ سربراہ بینچ جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا ہے کہ نظر ثانی کیس سننے والے بینچ پر اٹھائے گئے اعتراض پر مشاورت کے بعد فیصلہ دیں گے۔ سپریم کورٹ میں جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جسٹس منظور احمد ملک، جسٹس مظہر عالم میاں خیل، جسٹس سجاد علی شاہ، جسٹس منیب اختر اور جسٹس قاضی محمد امین پر مشتمل 6 رکنی بینچ نے صدارتی ریفرنس کے خلاف جسٹس عینی کی درخواست پر دیئے گئے عدالتی فیصلے کے خلاف جسٹس عینی، ان کی اہلیہ و دیگر کی نظر ثانی درخواستوں پر سماعت کی۔

شال بقیہ 24

خطے میں رونما ہونے والی معاشی وتجارتی سرگرمیوں کے فروغ کیلئے راہ بھی ہموار ہوگی۔ اس موقع پر کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف نے کہا کہ وہ بلوچستان کے لوگوں کا خلوص ومحبت کو ہمیشہ یاد رکھے گا۔ گورنر بلوچستان نے لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف کی مزید کامیابی اور سرخروئی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔

شال بقیہ 25

ڈی ایم آئی نے راستہ اختیار نہیں کررہی۔ کورونا سے متعلق شاہ محمود قریشی نے کہا کہ پاکستان کورونا کی وبا سے دوچار ہے، کورونا کی دوسری لہر بہت خطرناک ہے، اس وبا سے ہلاکتیں بڑھتی جارہی ہیں۔ بھارت میں کسانوں کے جاری احتجاج پر وزیر خارجہ نے کہا کہ بھارت میں سیکولر ریاست چہرہ اب نہیں رہا، کسانوں کیا احتجاج سے بھارت کو کافی نقصان ہورہا ہے تاہم بھارت میں کسانوں کا احتجاج اس کا اندرونی معاملہ ہے ہمیں اس میں نہیں کودنا چاہیے۔

شال بقیہ 26

منگل کو این این آئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی قیادت کی جانب سے اسمبلیوں سے استعفیٰ پارٹی قیادت کے پاس جمع کروانے اعلان کارخیر ہے جس میں جمعیت علماء اسلام کے پارلیمانی لیڈر اور قائد حزب اختلاف کے طور پر سب سے پہلے حصہ ڈالونگا انہوں نے کہا کہ اس وقت کوئٹہ سے باہر ہوں جوں ہی کوئٹہ پہنچا پارٹی قیادت کو استعفیٰ ارسال کرونگا جبکہ پارٹی کے دیگر ارکان بھی قیادت کی ہدایت پر فل الفور استعفیٰ قیادت کو ارسال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے تمام ارکان اسمبلی ایک بیچ پر ہیں پی ڈی ایم کی قیادت نے جو بھی فیصلہ کیا اس پر ہم من وعن عمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نااہل حکومت نے عوام کو مسائل کا شکار کردیا ہے ملک میں مہنگائی، بے روزگاری، معاشی زبوں حالی نے عوام کا جینا محال کررکھا ہے بلوچستان میں ترقی کی صورتحال ابتر ہے یہاں پر منتخب ارکان کی بجائے غیر منتخب اور غیر متعلقہ افراد حکومتی اور ترقیاتی امور چلا رہے ہیں اپوزیشن کے حلقوں میں بے جا مداخلت ہے صوبے اور ملک کی عوام اب اس حکومت سے بیزار آچکے ہیں جلدی انہیں حکومت کے خاتمے کی خوشخبری ملنے والی ہے۔

شال بقیہ 27

بارنا نجیریا کو بھی اپنی بلیک لسٹ میں شامل کرلیا جبکہ اس فہرست میں چین، سعودی عرب اور پاکستان کا نام بھی شامل ہے۔ تاہم حیرت انگیز طور پر بھارت کا نام اس فہرست سے غائب ہے جہاں مذہبی آزادی آج کل ایک بڑا مسئلہ ہے۔ امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو کا کہنا تھا کہ مغربی افریقی ملک نائیجیریا بھی ان ممالک میں سے ایک ہے جہاں، 1998 کے بین الاقوامی مذہبی آزادی ایکٹ کے مطابق تشویش پائی جاتی ہے۔ واضح رہے کہ نائیجیریا امریکا کا اتحادی ملک ہے۔

شال بقیہ 28

ٹرانسلیشن عدالت میں جمع کرادیا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ ڈی جی سی اے اے کی تعیناتی عدالتی احکامات کے خلاف ہے۔ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ یہ وفاقی حکومت کا کام ہے کہ جسے چاہے ڈی جی تعینات کرے، وفاقی حکومت کس کو کیسے ڈی جی تعینات کرے یہ قانونا واضح نہیں۔ عدالت میں خواجہ آصف کیس کا بھی حوالہ دیا گیا۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ عدالت درخواست گزار پائلٹ کے لائسنس معطلی کو غیر قانونی قرار دے۔ عدالت نے کہا کہ پائلٹ لائسنس معطلی یا بحالی کا فیصلہ کون کرے گا؟ عدالت نے درخواست گزار کے وکیل سے استفسار کیا کہ کیا پائلٹ کے خلاف کوئی ڈسپلنری انکوائری شروع ہوئی تھی۔ چیف جسٹس نے وکیل درخواست گزار سے مکالمہ کیا کہ جلد بازی نہ کریں کیا آپ جلدی میں ہیں؟۔

شال بقیہ 29

ہے۔ عوامی طاقت کے سامنے اب کوئی بھی کھڑا نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جمعیت علماء اسلام کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مولانا عبدالواسع نے کہا کہ پی ڈی ایم کے اتحاد کی پختگی سے حکمران حواس باختہ ہوچکے ہیں قیادت پاکستان کے بہتر مستقبل کیلئے تاریخ ساز فیصلے سیاست کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے کیونکہ اختلاف رائے اور الگ الگ منشور ہونے کے باوجود قومی پارٹیوں کی اقتدار نہیں اقدار کی جنگ سیاسی بصیرت کا روشن ثبوت ہے جمعیت علما اسلام بلوچستان پی ڈی ایم کے قائد کے حکم پر عمل کرنے میں سیکنڈ نہیں لگائیں گے، انہوں نے کہا کہ غربت بیروزگاری بدامنی اور صحت کی سہولتوں کا فقدان حکومت کی ناقص پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں مریض رل گئے ہیں۔ کبھی مفت علاج ہوجاتا تھا اب نہیں ہورہا۔

شال بقیہ 30

کے حلقہ این اے 265 میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ دنیا کے وہ ممالک جہاں ووٹر، ریاست اور ریاستی ادارے ووٹ کو اہمیت، عوامی حق رائے دہی کا احترام کرتے ہیں ترقی کی منازل طے کررہے ہیں مگر بدقسمتی ہے ہمارے ملک میں ووٹر کو اپنے ووٹ کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہے اور اس کے الیکشن کے دن ووٹ کاسٹ کرنے میں دلچسپی نہ لینے سے انتخابات میں ووٹ کی شرح کم ہوتی ہے، انہوں نے کہا کہ جس ملک میں ووٹر اپنے ووٹ کو اہمیت نہ دیتا ہو وہاں کسی اور سے کیا توقع کی جاسکتی ہے کہ ووٹر کے ووٹ کو اہمیت دے۔ انہوں نے کہا کہ ہر شخص کی قومی ذمہ داری ہے۔

شال بقیہ 31

کے تحت خیبر پختونخواہ میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ سی پیک منصوبہ ملکی ترقی اور خوشحالی کا منصوبہ ہے، خیبر پختونخواہ میں سی پیک کے تحت جاری منصوبوں کی بروقت تعمیر وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ سی پیک منصوبوں کی تکمیل سے وہ میں ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز ہوگا، رشکئی اکنامک زون سے علاقے میں عوام کو روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ عاصم سلیم باجوہ نے کہا کہ رشکئی اکنامک زون کا افتتاح جلد کردیا جائے گا، ڈیرہ اسماعیل خان موٹروے اور سی پیک کے دیگر منصوبوں پر جلد کام مکمل ہوجائے گا۔ اسد قیصر نے کہا کہ اکنامک زون اور سی پیک سے کاروباری مواقع فراہم ہوں گے، سی پیک سے تجارت کے ساتھ سفری سہولیات بھی میسر آئے گی۔

شال بقیہ 32

بلوچ جبکہ عبدالرسول سکنہ لنڈی دشت کردگاپ زخمی ہوگیا۔ جنہیں شہید نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ منتقل اور ضروری کاروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی اطلاعات کے مطابق علاقہ میں کشیدگی برقرار ہے۔

شال بقیہ 33

موسوم کیا گیا۔ اس سمٹ کے انعقاد کا مقصد امریکا میں کرونا کی روک تھام کے حوالے ہونے والے اقدامات اور پیش رفت کی کوریج کرنا ہے۔ امریکی ذرائع ابلاغ کے مطابق صدر ٹرمپ کی انتخابی مہم فائزر کے ساتھ عوام دشمنی میں داخل ہوگئی جب انہوں نے الزام عاید کیا کہ فائزر نے دانستہ طور پر ویکسین کے نتائج کا اعلان کرنے میں تاخیر کی ہے۔ کمپنی نے صدر ٹرمپ کے اس الزام کو مسترد کردیا اور کہا کہ اس نے امریکی صدارتی انتخابات پر اثر انداز ہونے کے لیے ویکسین کی تیاری میں تاخیر کی تھی۔ کمپنی کو ورلڈ اسپیڈ X کے عنوان سے منعقدہ پروگرام میں حصہ لینے کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ تاہم فائزر کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر البرٹ بورلا نے "ویکسنز سمٹ" میں شرکت سے انکار کردیا اور کہا کہ موڈرنا کے سی ای او X اسٹافی بینسل نے بھی شرکت کرنے سے انکار کردیا ہے۔ امریکا میں کرونا کی دوائی تیار کرنے والی کمپنیوں کی طرف سے ایوان صدر میں منعقدہ سمٹ میں شرکت کے بائیکاٹ نے صدر ٹرمپ کو ایک شرمساری کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

شال بقیہ 34

پی ڈی ایم کی میٹنگ ہے، 13 دسمبر کے بعد کیا کرنا ہے، دیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمانی نظام یکطرفہ نہیں چل سکتا عوام کی مشکلات پیچھے رہ گئی ہیں، پیٹرولیم بحران حکومت نے خود پیدا کیا ہے حکومت کی ناکامی ہے، معیشت برباد ہے، ہم نظام کی خرابی کی بات کررہے ہیں، اقتد

صوبائی حکومت گورننس میں بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، چیف سیکرٹری بلوچستان

عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے اس دن کو منانے کا مقصد کرپشن کے ناسور کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے

صوبائی وقومی سطح پر بڑھتی ہوئی کرپشن روکنے کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات بھی اُٹھانے ضروری ہیں جس سے کرپشن کے محرکات پر قابو پایا جاسکے، فضیل اصغر

زیارت، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی یو بی ایل کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کر رہے ہیں

کوئٹہ (ش ن) چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر نے کہا ہے کہ عالمی یوم انسداد بدعنوانی کے اس دن کو منانے کا مقصد کرپشن کے ناسور کے حوالے سے عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے اور صوبائی وقومی سطح پر بڑھتی ہوئی کرپشن روکنے کے ساتھ ساتھ ایسے اقدامات بھی اُٹھانے ضروری ہیں جس سے کرپشن کے محرکات پر قابو پایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ اور ٹیب کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی کا خاتمہ موجودہ صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اور اس کی روک تھام کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اُٹھائے جا رہے ہیں کیونکہ یہ ناسور ملکی ترقی کی راہ میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدعنوانی سے پاک حکومت بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

اپوزیشن کے جلسوں سے حکومت کو کوئی گھبراہٹ نہیں ہے، بابر یوسفزئی

کورونا کی دوسری لہر کے دوران جلسے، جلوس صحت عامہ کو خطرات سے دوچار کر رہے ہیں

ملتان میں پی ڈی ایم کا جلسہ بری طرح ناکام ہوا عوام نے انہیں مسترد کر دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما، سابقہ ترجمان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے جلسوں سے حکومت کو کوئی گھبراہٹ نہیں ہے پاکستان سمیت دنیا بھر میں کورونا کی دوسری لہر چل رہی ہے۔ کورونا کی دوسری لہر کے دوران جلسے، جلوس صحت عامہ کو خطرات سے دوچار کر رہے ہیں۔ ملتان میں پی ڈی ایم کا جلسہ بری طرح ناکام ہوا عوام نے انہیں مسترد کر دیا ہے۔ لٹیروں اور چوروں کے دن گنے جا چکے ہیں عوام کی زندگیوں کو داؤ پر لگانے والے ٹولے کو سیاست کا کوئی حق نہیں۔ ان خیالات بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

صدر تھانہ کے حدود گوٹھ غلام مصطفیٰ رند میں سیاہ کاری کے الزام میں دھرے قتل ملزم قرار

اوستہ محمد (آن لائن) صدر تھانہ کے حدود گوٹھ غلام مصطفیٰ رند میں سیاہ کاری کے الزام میں دھرے قتل ملزم قرار۔ اطلاعات کے مطابق گوٹھ غلام مصطفیٰ رند میں ملزم محمد ملوک نے سیاہ کاری کے الزام میں اپنی بھوئی مسماۃ اور اس کے آشنا فدا حسین بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

علماء اکرام مساجد میں کورونا وائرس جیسے وبائی مرض سے متعلق عوام کو آگاہ کریں، محمد شفیق دولت زئی

وبائی مرض سے دفاع کا واحد علاج اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں سے خلوص دل سے توبہ کرنا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء (س) کے مرکزی رہنما و صوبائی ترجمان مولانا محمد شفیق دولت زئی نے کہا ہے کہ کورونا وائرس جیسی خطرناک وبائی مرض کی دوسری لہر جس سے دنیا بھر بلکہ پاکستان میں کافی تعداد میں لوگ متاثر ہوئے ہیں بلکہ کئی تعداد میں افراد ہلاک ہو گئیں ہیں اور ہو رہے ہیں پاکستانی عوام حکومت، اپوزیشن سے اپیل کرتی ہے کہ حکومت اور ڈاکٹر زیر داری کی واضح کردہ احتیاطی تدابیر پر ضروری عمل کریں۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سیاحت کے فروغ کے لئے مختلف منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے، محمد احمد ظہیر

حکومت سیاحت کے فروغ کے لئے سونمیانی سمیت سات مقامات پر تفریحی ریزارٹ قائم کر رہی ہے

حب (ش ن) اسسٹنٹ کمشنر حب لیفٹیننٹ (ر) محمد احمد ظہیر نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سیاحت کے فروغ کے لئے مختلف منصوبوں پر عملدرآمد کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کے خصوصی ہدایت پر موضوع میانی ہور تحصیل سونمیانی کے سیاحتی مقامات میں مجوزہ سائیٹ کے معائنے کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

جاری منصوبوں کو مقررہ مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے، سید فیصل احمد

نئے منصوبے تکمیل دیتے وقت عوامی فلاح کو مدنظر رکھا جائے اور ایسے منصوبے تکمیل دیئے جائیں جن کا براہ راست عوام کو فائدہ ہو

سی (ش ن) کمشنر سی ڈویژن سید فیصل احمد کی صدارت میں PSDP DDW/DDWP کے منصوبوں کا جائزہ لینے کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈویژنل ڈائریکٹر ترقیات وقار الزماں کیانی، ڈپٹی کمشنر سبی ڈاکٹر یاسر خان بازئی، ڈپٹی کمشنر کوہلو ممتاز کھیتران، ڈپٹی کمشنر زیارت میر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر ژوب کیپٹن (ر) ذوالفقار علی، ڈپٹی کمشنر ہرنائی سہیل انور ڈائریکٹر پی ایم آئی آغا عمران شاہ اور ڈویژن کے تمام ڈویژنل افسران بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

والعدین پولیس کی کارروائی دو اشتہاری ملزم گرفتار

والعدین (این این آئی) ایس پی چاغی کیپٹن (ریٹائرڈ) وہیب محسن کی ہدایت پر ایس ایچ او والعدین حفیظ اللہ ماندائی، ایس آئی میر اللہ، ایس آئی ملک شیر نے پولیس فورس کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دو اشتہاری ملزمان رضا محمد اور فضل کو گرفتار کر لیا گیا مزید تفتیش جاری ہیں ایس ایچ او والعدین بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

زمیندار ایکشن کمیٹی کا واٹر مینجمنٹ کے خلاف بیان حقائق پر مبنی ہے، میر محمد عارف بادینی

واٹر مینجمنٹ نے کبھی بھی حقیقی زمینداروں کو اعتماد میں نہیں لیا ہے

نوشکی (این این آئی) زمیندار ایکشن کمیٹی کے ضلعی خانس سیکرٹری میر محمد عارف بادینی نے اپنے جاری بیان میں واٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے جانب سے حقیقی زمینداروں خصوصاً گزنگی کے علاقے کے زمینداروں کو مکمل نظر انداز کرنے اور گرین بلوچستان پراجیکٹ کے تحت اسکیموں کو بند رہائش بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

وزارت صحت کورونا ویکسین جلد ملک میں لانے کیلئے متحرک

پاکستان میں متوقع کورونا ویکسین پہلی سہ ماہی میں دستیاب ہوگی، حکام وزارت صحت

اسلام آباد (این این آئی) وزارت صحت کورونا ویکسین جلد ملک میں لانے کیلئے متحرک ہوگئی، پاکستان میں متوقع کورونا ویکسین پہلی سہ ماہی میں دستیاب ہوگی۔ وزارت صحت کے مطابق متوقع کورونا ویکسین بنانے والے ممالک سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ وزارت صحت کے مطابق کا وی ڈی ویکسین بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

لاہور، سردی کی شدت کم کرنے کیلئے ایک پھل فروش نے آگ جلا رکھی ہے

دانش آرگنائزیشن بلوچستان میں افغان مہاجرین اور پاکستانی کمیونٹی کے لیے کام کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) دانش آرگنائزیشن جو کہ بلوچستان میں افغان مہاجرین اور پاکستانی کمیونٹی کے لیے کام کر رہی ہے۔ دانش آرگنائزیشن نے غریب اور نادار افراد میں مختلف قسم کے کاروبار کا آغاز کرنے کے لیے سامان کی تقسیم کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب کا مقصد معاشرے کے ان غریب اور نادار افراد جیسا کہ بیوہ، یتیم، اور وہ گھرانے جہاں خواتین یا بچے سرپرست ہیں بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

شادخان مری کی طرف سے یوم ثقافت سندھ کے حوالے سے سلسلے میں ریلی نکالی گئی

روجڑی (نامہ نگار) سندھ مری اتحاد زندہ باد کے چیئرمین سردار رئیس غلام شبیر خان مری اور صوبائی صدر رئیس انور خان مری کی کال پر سکھر ضلعہ کے صدر ارشاد خان مری کی طرف سے یوم ثقافت سندھ کے حوالے سے سلسلے میں ریلی نکالی گئی اور تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں خیرپور ضلعہ کے بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

حمزہ شہباز کی ضمانت کی درخواست، سپریم کورٹ کا نیب کو تمام زیر التواء کیسز کی تفصیل عدالت میں جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں مسلم لیگ (ن) کے رہنما اور پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف حمزہ شہباز شریف کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران جسٹس یحییٰ آفریدی نے قومی احتساب بیورو (نیب) کو تمام زیر التواء کیسز کی تفصیل عدالت میں جمع بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

حکومت اجتماعی نوعیت کے منصوبوں پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے، بلال اکمل کاکڑ

ماضی میں انفرادی طور پر کام نکالنے والوں سے موجودہ حکومت کی کارکردگی ہضم نہیں ہو رہی

اس لیے وہ وفاقی اور صوبائی حکومت کے ٹھوس اور مثبت اقدامات سے خوفزدہ نظر آ رہے ہیں، مشیر وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کے مشیر بلال خان اکمل کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی اجتماعی نوعیت کے منصوبوں پر سنجیدگی سے کام ہو رہی ہے۔ آئندہ چند برسوں میں اس کے نتائج آنا شروع ہو جائیں گے عوام کی اکثریت صوبائی حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے منصوبوں پر مطمئن نظر آتی ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں انفرادی طور پر کام نکالنے والوں سے موجودہ حکومت کی کارکردگی ہضم نہیں ہو رہی بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

سیکرٹری فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف بلوچستان محمد صدیق مندوخیل قلعہ سیف میں محکمہ جنگلات کی نرسری کا معائنہ کر رہے ہیں

ہنگوئی اور ریکی قبائل کے درمیان قتل کے تنازعے کا پرامن تصفیہ ہو گیا، دونوں قبائل شیر و شکر ہو گئے

آنے والے دور کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ہمیں آپس میں رواداری، برداشت کے دامن کو نہیں چھوڑنا چاہئے، حاجی میر علی مدد جتک

کوئٹہ (این این آئی) ہنگوئی اور ریکی قبائل کے درمیان قتل کے تنازعے کا پرامن تصفیہ ہو گیا جسکے بعد دونوں قبائل شیر و شکر ہو گئے تفصیلات کے مطابق ڈیڑھ سال قبل ریکی قبائل کے ایک فرد کو قتل کیا گیا تھا جس پر دونوں قبائل کے درمیان خونی تنازعہ چلا آ رہا تھا منگل کو دونوں قبائل کے معززین کی موجودگی میں پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر حاجی میر علی مدد جتک، سردار محمد عمران ہنگوئی، حاجی میر ریاض احمد شاہوانی، میر اختر شاہوانی، سید اکبر شاہ، ڈاکٹر عبدالغنی ہنگوئی و دیگر معززین نے قتل کے تنازعے کا پرامن تصفیہ کرا دیا جسکے بعد دونوں قبائل شیر و شکر ہو گئے اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ایجوکیشن کمیٹی نے غریبوں کی حقوق پر شب و خون مارا ہے، محمد ابراہیم جمالدینی

ضلع کے قابل محنتی اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کی حق تلفی پر سیاسی جماعتوں کی پراسرار خاموشی بھی حیرانگی کا سبب ہے

نوشکی (این این آئی) نوشکی کے سیاسی سماجی اور قبائلی رہنما، چیئرمین محمد ابراہیم جمالدینی نے ایجوکیشن نوشکی کے جانب پیچنگ پوسٹوں پر غریبوں کو نظر انداز کرنے اور میرٹ کی پامالی پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایجوکیشن کمیٹی نے غریبوں کی حقوق پر شب و خون مارا ہے، انہوں نے اپنے بچوں اور رشتہ داروں کو ملازمتوں پر نواز کر نوشکی میں نئی مثال قائم و ریکارڈ قائم کیا ہے انکوری دینے والے غریب افراد کی حق تلفی کی گئی ہے انہوں نے کہا کہ میرٹ کی مکمل پامالی کر کے سفارش کلچر کو پروان چڑھایا گیا ہے۔ ضلع کے بااثر شخصیات، بیوروکریٹس اور کمیٹی ممبران کی رشتہ داروں کی تعیناتی نے کمیٹی اور ان بیوروکریٹس کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کے مناسبت سے منعقدہ سیمینار سے وزیر اعلیٰ بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل نیب، چیف سیکریٹری بلوچستان و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

راولپنڈی ضلع میں کورونا وائرس سے متاثرہ مزید 122 مریض کنفرم، سات مریض چل بسے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی ضلع میں کورونا وائرس سے متاثرہ مزید 122 مریض کنفرم ہو گئے، ضلع راولپنڈی میں 111 مریض جبکہ 11 کا تعلق دوسرے اضلاع سے بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

شہریوں کا تحفظ کرتے ہوئے لاہور پولیس کے 485 افسران و اہلکار کورونا وباء سے متاثر

لاہور پولیس کے 04 سپوت فرض کی راہ پر قربان ہوئے، 470 اہلکاروں نے دوبارہ فرائض سنبھالے

لاہور (این این آئی) سربراہ لاہور پولیس محمد عمر شیخ کا کہنا ہے کہ کورونا کیسز میں ہوشربا اضافہ کے باوجود لاہور پولیس شہریوں کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے، لاہور پولیس نے کورونا وباء میں ہمیشہ فرنٹ لائن سولجر کا کردار ادا کیا، محمد عمر شیخ کا کہنا تھا کہ شہریوں کا تحفظ کرتے ہوئے لاہور پولیس کے 485 افسران بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر

اگر حکومت نے پی ڈی ایم رہنماؤں کو این آر او دیا تو چھپ ہو جائینگے، محمد خان طور

عوام نے ہمیں ووٹ دیکر اسمبلیوں میں اپنی نمائندگی اور مسائل کے حل کیلئے بھیجا ہے ہم اپنی آئینی مدت ہر صورت پوری کرینگے

اپوزیشن بلوچستان اسمبلی میں تحریک عدم اعتماد کا دو سالوں سے پروپیگنڈہ کر رہی ہے، صوبائی وزیر صنعت و حرفت و ایم پی اے سردار معسود لونی

لورالائی (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر صنعت و حرفت حاجی محمد خان اتمان خیل پارلیمانی سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات ایم پی اے سردار معسود لونی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عوام نے ہمیں ووٹ دیکر اسمبلیوں میں اپنی نمائندگی اور مسائل کے حل کیلئے بھیجا ہے ہم اپنی آئینی مدت ہر صورت پوری کرینگے انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم نے پورے ملک میں تماشا لگا رکھا ہے عوامی رائے کا مذاق اڑایا جا رہا ہے جمہوریت بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

حب، اسسٹنٹ کمشنر حب تحصیل سونمیانی میں مجوزہ ریزارٹس سائٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

میر ضیاء اللہ لانگو کے فنڈز سے کلی مسلم محلہ پرانا بابو محلہ بلوچ کالونی کیلئے فراہم کردہ واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح

متعلقہ محلوں کو پانی کی سپلائی شروع، علاقہ مکینوں کی جانب سے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کا شکریہ ادا کیا گیا

قلات (آن لائن) قلات میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کے فنڈز سے کلی مسلم محلہ پرانا بابو محلہ بلوچ کالونی کیلئے فراہم کردہ واٹر سپلائی اسکیم کا افتتاح، متعلقہ محلوں کو پانی کی سپلائی شروع، علاقہ مکینوں کی جانب سے وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کا شکریہ ادا کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کے فنڈز سے گورنمنٹ گرلز پبلک ہائی سکول میں منظور شدہ لگائی گئی واٹر سپلائی اسکیم کا بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

چائنیز نے سینڈک کو اپنا جاگیر سمجھ کر یہاں مکمل غنڈہ گردی شروع کی ہے، ملک رمضان موسیٰ زئی

چائنیز کے اس غیر انسانی اور ظالمانہ عمل کی وجہ سے یہ ثابت ہو گیا کہ یہاں صرف ہمارے وسائل لوٹے جا رہے ہیں

نوکنڈی (آن لائن) سینڈک کلی حمل آب کے قبائلی رہنما ملک رمضان موسیٰ زئی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سینڈک پروجیکٹ میں چائنیز اور پاکستانی افسران کے مقامی لوگوں اور مزدوروں کے ساتھ مظالم دن بدن بڑھتے جا رہے ہیں اور چائنیز نے سینڈک کو اپنا جاگیر سمجھ کر یہاں مکمل غنڈہ گردی شروع کی ہے جو کہ اب ناقابل برداشت ہو رہی ہے انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گذشتہ بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

وزیر اعظم عمران خان (آج) سترہ ارب روپے کے ترقیاتی پیکج کا اعلان کرینگے، عثمان ڈار

شہریوں کے دیرینہ مسئلے کے حل کیلئے ٹریک ری انجینئرنگ منصوبہ شروع ہوگا، معاون خصوصی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی عثمان ڈار نے کہا ہے کہ وزیر اعظم عمران خان (آج) بدھ کو سترہ ارب روپے کے ترقیاتی پیکج کا اعلان کرینگے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ کے شہریوں کیلئے اچھی اور بڑی خبر ہے، وزیر اعظم تاریخی پیکج کے اعلان کیلئے سیالکوٹ آ رہے ہیں، وزیر اعظم 17 ارب روپے کے ترقیاتی پیکج کا اعلان کریں گے۔ انہوں بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر

مصنوعی و کیمیائی طور پر تیار کردہ منشیات نوجوان نسل کے لئے بڑا خطرہ ہیں، ڈی جی اے این ایف

تعلیمی اداروں میں منشیات فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں، میجر جنرل محمد عارف

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی اے این ایف میجر جنرل محمد عارف ملک نے کہا ہے کہ مصنوعی و کیمیائی طور پر تیار کردہ منشیات نوجوان نسل کے لئے بڑا خطرہ ہیں، تعلیمی اداروں میں منشیات فراہم کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔ منگل کو اینٹی نارکوٹکس فورس کے ملاقاتی کمانڈرز کا اجلاس ہوا اجلاس کی صدارت ڈی جی اے این ایف میجر جنرل محمد عارف ملک بلال امتیاز بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یسین زئی سے کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف الوداعی ملاقات کر رہیں

ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ کا درمیانی شب شعبہ حادثات کا دورہ، ڈیوٹی پر موجود عملے کی حاضری چیک کی

عوام کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر ارباب کامران کاسی

کوئٹہ (این این آئی) ایم ایس سول ہسپتال کوئٹہ ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے پیر اور منگل کی درمیانی شب اچانک شعبہ حادثات کا دورہ کیا اور ڈیوٹی پر موجود عملے کی حاضری چیک کی۔ ایم ایس سول ہسپتال ڈاکٹر ارباب کامران کاسی نے شعبہ حادثات میں موجود ادویات کا معائنہ اور سیکورٹی اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا اور شعبہ حادثات کے آرایم او کو ہدایت کی کہ وہ شعبہ حادثات میں صفائی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میں تقرریاں و تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی میں تقرریاں و تبادلے۔ منگل کو چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ڈپٹی کمشنر آواران کیپٹن (ر) میر باز خان مری کو محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

رکن صوبائی اسمبلی میر جان محمد جمالی سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے چیف آرگنائزر رکن صوبائی اسمبلی میر جان محمد جمالی، ہانی سعید احمد ہاشمی، سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر رقیہ ہاشمی، ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سید حسنین ہاشمی نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی کی ہمشیرہ کی وفات پر گہرے رنج و غم کا بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

سلیکٹڈ سرکار ملک کی بجائے اپنے اقتدار کو طول دینے کی طاق میں ہے، سید اقبال شاہ

حکومتی کارکردگی کی یہ حالت ہے کہ آکسیجن نہ ہونے سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی میر علی مدد جتک، جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ نے کہا ہے کہ سلیکٹڈ سرکار ملک کی بجائے اپنے اقتدار کو طول دینے کی طاق میں ہے، حکومتی کارکردگی کی یہ حالت ہے کہ آکسیجن نہ ہونے سے قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوگئی، عوام سے کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ مانگنے والی سرکار کی حالت یہ ہے کہ وہ 7 سال اقتدار میں رہنے کے باوجود عوام کو آکسیجن تک فراہم نہ کر سکی، دنیا کی تاریخ ہمارے سامنے ہے جنہوں نے اپنی قوموں کے اجتماعی فیصلے ووٹ کے ذریعے کئے ہیں آج وہ دنیا کے اوپر نہ صرف حاوی ہیں بلکہ ترقی بھی کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارٹی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سلیکٹڈ سرکار ملک کی بجائے اپنے اقتدار بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

کرپٹ عناصر کی وجہ سے ملک کو اربوں روپوں کا نقصان اٹھانا پڑا، نیب بلوچستان

موجودہ نظام کی خرابیاں اور کرپشن کا باعث بننے والے خلائص دور کر کے سسٹم کو ایمانداری، صداقت اور میرٹ کی مضبوط بنیادوں فراہم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے

کرپٹ عناصر کی وجہ سے ملک کو اربوں روپوں کا نقصان اٹھانا پڑا، ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان فرمان اللہ خان کا انسداد بدعنوانی کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب

ایڈیشنل چیف سیکرٹری مصور بندی، ترقیات عبدالرحمٰن بزدار، سیاحت و ثقافت کے حوالے سے پی ڈی ڈی پی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان فرمان اللہ خان نے کہا ہے کہ کرپشن کے مکمل خاتمے کے لیے بنیادی بنیادوں پر اقدامات اٹھانا ہونگے، موجودہ نظام کی خرابیاں اور خلائص دور کر کے ایمانداری، صداقت اور میرٹ کی مضبوط بنیادوں فراہم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے، کرپٹ عناصر کی وجہ سے ملک کو اربوں روپوں کا نقصان اٹھانا پڑا، اربوں روپے مالیت کے پٹ فیڈر منصوبہ میں کرپشن کے باعث بلوچستان کی عوام کو کوئی فائدہ نہیں مل سکا، محکمہ صحت کی بدعنوانی سے عوام کے لیے نہ تو دوائیں مل رہی ہیں نہ ہی بنیادی سہولیات، حکومت اور معاشرے کی باہمی کوششوں سے کرپشن پر قابو پایا جاسکتا ہے بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

والعدین میں بجلی کی کرنٹ لگنے سے ایک بچہ جاں بحق ایک زخمی ہو گیا

چاغی (آن لائن) والعدین میں بجلی کی کرنٹ لگنے سے ایک بچہ جاں بحق ہو گیا ہسپتال ذرائع کے مطابق والعدین والعدین میں شاٹ سرکٹ کی وجہ سے دو بچوں کو بجلی نے پکڑ لیا جبکہ بچہ جاں بحق ایک زخمی ہو گیا زخمی بچے کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد گھر ریفر کر دیا۔

سندھ ہائی کورٹ نے سکھر میں ایرگیشن اراضی سے تمام کمرشل عمارتیں 48 گھنٹے میں گرانے کا حکم دے دیا

روجڑی (نامہ نگار) سندھ ہائی کورٹ نے سکھر میں ایرگیشن اراضی سے تمام کمرشل عمارتیں 48 گھنٹے میں گرانے کا حکم دے دیا، عدالتی احکامات پر عمل نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ اداروں کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی کرنے بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

مولانا مفتی زرولی خان زندگی بھر چراغ کی مانند ملک میں علم و نور کی روشنیاں تقسیم کرتے رہے، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

ان کے سانحہ ارتحال پر تمام دینی حلقوں میں افسردگی کا سماں ہے، علمی اور دینی خدمات نئی نسل کیلئے مشعل راہ ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق سینیٹر نائب امیر مولانا نور رشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا مفتی روزی خان مولانا قاری مہر اللہ شیخ مولانا احمد جان مولانا محمد ہاشم شیخلی حافظ عبدالحق حقانی مولانا حکیم حبیب اللہ مفتی غلام نبی محمدی مولانا اشرف جان مفتی رحمت اللہ حافظ سردار محمد نورزئی اور دیگر نے پاکستان کے جید عالم دین احسن العلوم کراچی کے مدیر اعلیٰ مولانا مفتی زرولی خان کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے چراغ کی مانند بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

ملک میں کورونا کی دوسری لہر بڑی تیزی سے پھیل رہا ہے، تحصیلدار نوکنڈی

نوکنڈی (آن لائن) تحصیلدار نوکنڈی محمد ہاشم کرد کے زیر صدارت دینی مدارس کیعلما کا اجلاس تحصیلدار آفس نوکنڈی میں منعقد ہوا جس میں خطیب مرکزی جامع مسجد مفتی خلیل الرحمٰن خطیب جامعہ غوثیہ رضویہ بغدادی قاری نور اللہ مسجد خیر المدارس اللہ آباد حافظ نذر محمد نورانی مسجد مینگل آباد محمد اشرف رحمانی مسجد مینگل آباد حافظ ثناء اللہ خطیب مانع مسجد نور شریف آباد اور عبدالمالک جنرل سیکرٹری جمعیت علمائے اسلام نے شرکت کیا اور اجلاس سے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں درجنوں مسائل سے عوام مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، مولانا قاری مہر اللہ

سٹریٹ لائٹس سے کوئٹہ شہر کے ہر علاقہ میں سٹریٹ کرائمز سے صورتحال ابتر ہو رہی ہے

اسٹریٹ لائٹس کے خرابی کے باعث شام ہوتے ہی جرائم پیشہ افراد متحرک ہو جاتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی ملک عبدالباری حافظ محمد رفیق و دیگر نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں درجنوں مسائل سے عوام مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں کوئٹہ کی بااسیوں کو لاوارث سمجھا جا رہا ہے ناقص سیوریج نظام، شہر میں گھڑیاں، کوئٹہ شہر کے سٹریٹ لائٹس خراب ہونے یا نہ ہونے کی وجہ سے سڑکیں اور گلیاں تاریکی میں ڈوب ہونے سے عوام مسائل سے دوچار ہو رہے ہیں سٹریٹ لائٹس سے کوئٹہ شہر کے ہر علاقہ میں سٹریٹ بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم کا حکومت گرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا، نور محمد دمڑ

اپوزیشن جماعتیں اپنی نااہلی کو عوام سے چھپا نہیں سکتیں پی ڈی ایم کا حکومت گرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا

اپوزیشن اتحاد میں شامل جماعتیں لانگ مارچ اور استعفے دینے کی جرأت نہیں رکھتیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ اپوزیشن جماعتیں اپنی نااہلی کو عوام سے چھپا نہیں سکتیں پی ڈی ایم کا حکومت گرانے کا خواب کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہوگا اپوزیشن جماعتیں لانگ